Email- info@awamilakaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
جلد 17 | جمعۃ المبارک، 30 اکتوبر 2026ء، 18 جمادی الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 187

آصفہ بھٹو زرداری کا BISP ہیڈ کوارٹرز کا دورہ غربت کے خاتمے اور خواتین کو بااختیار بنانے کے اقدامات کا جائزہ

93 لاکھ مستفیدین ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام میں شامل، شفافیت کے لیے بائیومیٹرک اور دو سطحی تصدیق نافذ، BISP کا ہر ایک روپیہ ملکی آمدنی میں 2.34 روپے کا اضافہ کرتا ہے

16.6 لاکھ ملازمتوں کی معاونت اور قومی خزانے میں 174 ارب کا حصہ، بینظیر ہنرمند پروگرام 'کے تحت 50 ہزار سے زائد افراد رجسٹرڈ، IT، صحت اور تعمیراتی شعبوں میں مارکیٹ کے مطابق تربیت جاری

خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے ملاقات کر رہی ہیں

اسلام آباد (این ای این) خاتونِ اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے اسلام آباد میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا اور غربت کے خاتمے، خواتین کو بااختیار بنانے ، مالی شمولیت اور ہنرمندی کی ترقی کے لیے پروگرام کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد اور سیکرٹری بی آئی ایس پی (بقیہ نمبر 1)

ایمبولینس کا آکسیجن سلنڈر پھٹنے سے 9 افراد جاں بحق، 4 زخمی

ایمبولینس مکمل تباہ، نگرپارکر کے علاقے ڈانو دھاندل میں افسوسناک حادثہ

صدر اور وزیراعلیٰ سندھ کا اظہارِ افسوس، حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

مٹھی/تھرپارکر (این این آئی) تھرپارکر کے علاقے نگرپارکر میں ڈانو دھاندل کے مقام پر ایمبولینس میں آکسیجن سلنڈر پھٹنے سے ہونے والے دھماکے اور آتشزدگی کے نتیجے میں 9 افراد جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہوگئے۔ حادثے میں ایمبولینس مکمل طور پر تباہ (بقیہ نمبر 9)

اسحاق ڈار کا تاجکستان کے وزیر خارجہ سے ٹیلی فونک رابطہ

دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو وسعت دینے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (اے پی پی): نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور تاجکستان کے وزیر خارجہ سراج الدین مہرالدین نے پاکستان اور تاجکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو (بقیہ نمبر 12)

AI کے پُراعتماد انداز کے باوجود جوابات غلط ہو سکتے ہیں

محفوظ ڈیجیٹل پاکستان کیلئے نقصان دہ و گمراہ کن مواد کی فوری اطلاع دیں، سوال اٹھائیں، تصدیق کریں اور پھر استعمال کریں

اسلام آباد (اے پی پی): قومی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم (نیشنل سرٹ) نے متنبہ کیا گیا ہے کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) بظاہر مکمل پُراعتماد انداز میں بات کرتے ہوئے بھی غلط ہو سکتی ہے ، لہٰذا کسی بھی معلومات پر (بقیہ نمبر 11)

ملک بھر میں 17 جدید سائبر پٹرولنگ یونٹس قائم

منفی پروپیگنڈے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث 76 سے زائد ملزمان گرفتار، کا سو یونٹس ہمہ وقت فعال

اسلام آباد (اے پی پی): نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے ملک بھر میں سائبر جرائم اور ریاست مخالف عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں کے لیے جدید خطوط پر استوار 17 سائبر (بقیہ نمبر 10)

نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں سیکرٹری وزارتِ اطلاعات ونشریات اشفاق خلیل اور صدر نیشنل پریس کلب عبدالرازق سیال، پرنسپل انفارمیشن آفیسر (پی آئی او) رئیسہ عادل کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔ اس موقع پر سینئر طلحہ محمود اور سیکرٹری نیشنل پریس کلب ڈاکٹر فرقان راؤ بھی موجود ہیں

گندم کی امدادی قیمت 4500 روپے فی من مقرر کرنے کا فیصلہ کسانوں کے لئے اہم پیش رفت ہے، عظمیٰ بخاری

کسان بینک کے قیام کا اعلان خوش آئند

پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسانوں کو 50 ہزار ٹریکٹر مل رہے ہیں، کسان کارڈ سے 10 لاکھ کسان مستفید ہو رہے ہیں

نوجوانوں کو لیپ ٹاپ اور اسکالرشپس جبکہ کسانوں کو ٹریکٹر، سپر سیڈر اور کسان کارڈ فراہم کیے جا رہے ہیں، کسان دوست اقدامات سے پنجاب میں زرعی ترقی کے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسانوں پر اعتماد کیا ہے، جس کا اظہار کسان کارڈ کے تحت سو فیصد ریکوری سے ہوتا ہے، نوجوانوں کو لیپ ٹاپ اور اسکالرشپس فراہم کیے جا رہے ہیں، وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے کسان دوست اقدامات سے صوبے میں زرعی ترقی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ کسان بینک کے قیام کا اعلان کسانوں کا دیرینہ مطالبہ تھا، جسے پورا کیا جا رہا ہے، جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب نے کسانوں کے دیرینہ مطالبے پر گندم کی امدادی قیمت 4500 روپے فی من مقرر کی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب کے کسان نمائندوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے کسانوں کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہا ہے۔ صوبے میں اب زراعت کی ترقی کے لیے حقیقی معنوں میں کام ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ کسانوں کو (بقیہ نمبر 24)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے صدر لاہور چیمبر کی ملاقات

پنجاب میں صنعتی ترقی کے فروغ کیلئے مختلف تجاویز اور سفارشات پیش کیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب صدر علی حسام اصغر نے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں تاجر برادری کی فلاح و بہبود، صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ سے متعلق امور پر تبادلہ (بقیہ نمبر 13)

انگور اڈہ واقعہ پر افغان طالبان کا بیانیہ جھوٹا قرار

اسلام آباد (این این آئی) وزارت اطلاعات و نشریات نے انگور اڈہ واقعے پر افغان طالبان رجیم کے بیان کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انگور اڈہ (بقیہ نمبر 14)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر ملاقات کر رہے ہیں

ممتاز کالم نویس شازیہ یاسین کی پہلی کتاب "رازِ زیست" شائع ہو گئی

کتاب میں انسانی احساسات، رشتوں کی اہمیت، امید، محبت، اعتماد، خود آگاہی اور خودشناسی جیسے موضوعات کو قلم بند کیا گیا ہے

مصنفہ کا مقصد ادب کے ذریعے مثبت سوچ کو فروغ دینا اور معاشرے میں تعمیری تبدیلی کے امکانات اجاگر کرنا ہے

مظفرآباد (رشید احمد نعیم) علم و ادب سے گہری وابستگی رکھنے والی معلمہ، کالم نگار اور ادیبہ شازیہ یاسین کی پہلی کتاب "رازِ زیست" شائع ہو گئی۔ کتاب میں انسانی احساسات، رشتوں کی اہمیت، امید، محبت، اعتماد، خود آگہی اور خودشناسی جیسے موضوعات کو قلم بند کیا گیا ہے۔ مصنفہ کا مقصد ادب کے ذریعے مثبت سوچ کو فروغ دینا اور معاشرے میں تعمیری تبدیلی کے امکانات اجاگر کرنا ہے۔ سکھر کی تحصیل (بقیہ نمبر 8)

نیشنل سکلز یونیورسٹی میں ہیپاٹائٹس سی اسکریننگ کیمپ کا انعقاد

ہیپاٹائٹس سی ایک سنگین عوامی صحت کا مسئلہ، 2030ء تک پاکستان کو اس موذی مرض سے پاک کرنے کے قومی وژن کی تکمیل کا اعادہ

جامعات کا قومی مسائل کے حل میں عملی کردار قابلِ تحسین، بروقت تشخیص اور علاج سے ہی بیداری ممکن ہے، ڈاکٹر جمال ناصر

راولپنڈی (این ای این) نیشنل سکلز یونیورسٹی اسلام آباد میں پرائم منسٹر ہیپاٹائٹس سی ایلیمینیشن پروگرام کے تحت قمر جہاں لیب اور سٹی لیب کے اشتراک سے ہیپاٹائٹس سی کی اسکریننگ کے لیے کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس کا مقصد طلبہ، اساتذہ، ملازمین اور یونیورسٹی کمیونٹی میں اس موذی مرض سے متعلق آگاہی کو فروغ دینا اور بروقت تشخیص کی اہمیت اجاگر کرنا تھا۔ کیمپ کے مہمان خصوصی چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (بقیہ نمبر 2)

بینکوں میں نقد لین دین کی رپورٹنگ کی حد 30 لاکھ روپے مقرر

روزانہ 30 لاکھ روپے سے زائد نقد لین دین کی رپورٹ ایف ایم یو کو دینا لازمی قرار

کراچی (این این آئی) پاکستان میں بینکوں کی نقد لین دین کی رپورٹنگ کی حد 20 لاکھ روپے سے بڑھا کر 30 لاکھ روپے کر دی گئی ہے، جس کے تحت اب بینکوں کو یومیہ 30 لاکھ روپے سے زائد نقد لین دین کی رپورٹ فنانشل مانیٹرنگ یونٹ (ایف ایم یو) کو دینا ہوگی۔ ذرائع کے مطابق اس سے قبل بینکوں میں نقد لین دین کی رپورٹنگ کے لیے 20 لاکھ روپے کی حد مقرر تھی، جسے اب بڑھا کر 30 لاکھ روپے کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب منی (بقیہ نمبر 15)

ایف آئی اے کے 9 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی کے 9 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے گئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل ساہیوال ہاشم رضا کو ڈپٹی ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، ڈی سی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت اجلاس، ساڑھے 6 ارب سے زائد کے 21 ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

18 اسکیموں کی منظوری مکمل، ساڑھے 7 ارب روپے کے فنڈز دستیاب؛ خیابانِ سرسید، راول روڈ اور ففتھ روڈ کی بحالی شامل

تمام افسران اور کنٹریکٹرز مقررہ ٹائم لائن کے مطابق شفافیت سے کام مکمل کریں، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت جاری ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو راولپنڈی ضلع میں ترقیاتی منصوبوں، مختص فنڈز، ٹینڈرز اور جاری تعمیراتی کاموں پر پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے مطابق ضلع راولپنڈی میں مجموعی طور پر 21 ترقیاتی اسکیموں کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کا تخمینہ لاگت 6 ارب 52 کروڑ روپے سے زائد ہے، جبکہ ان میں سے 18 اسکیموں کی منظوری دی جا چکی ہے۔ (بقیہ نمبر 7)

سابق گورنر پنجاب کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر فرانس کے سفیر اور ان کی اہلیہ کا چوہدری محمد سرور، پروین سرور و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

روایتی حریف ہمسایہ ممالک کے درمیان فضائی آلودگی کا بھی مقابلہ

لاہور دنیا کے بڑے شہروں میں پہلے، نئی دہلی دوسرے نمبر پر رہا

لاہور (این این آئی) فضائی آلودگی میں صوبائی دارالحکومت لاہور دنیا کے بڑے شہروں میں گزشتہ روز بھی پہلے نمبر پر رہا۔ یو ایس اے کے معیار کے مطابق لاہور (بقیہ نمبر 25)

لاہور: جیلانی پارک میں فزیوتھراپی کیمپ کے دوران سٹاف ممبران اور سٹوڈنٹس کو طبی امداد اور آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

ڈاکٹر کرن خورشید کا PAF راولپنڈی دفتر دورہ، کارکردگی کا جائزہ

ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی برقرار رکھنے کی ہدایت؛ فوڈ سیفٹی کے لیے آپریشنل استعداد بڑھانے پر زور

عوامی صحت کے تحفظ کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فعال کارروائیوں پر اطمینان کا اظہار اور وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کا اعادہ

راولپنڈی (این ای این) سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب ڈاکٹر کرن خورشید نے آج پنجاب فوڈ اتھارٹی (پی ایف اے) راولپنڈی کے دفتر کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر (آپریشنز) نارتھ زون اعجاز احمد نے سیکرٹری کو نارتھ ریجن میں پی ایف اے کی حالیہ کارروائیوں، کارکردگی اور انفورسمنٹ اقدامات پر بریفنگ دی۔ سیکرٹری نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کے تمام ونگز کی (بقیہ نمبر 3)

برطانوی بجٹ میں عوام کو ریلیف؛ گیس کے اضافی چارجز ختم

توانائی کے اخراجات کیلئے 100 پاؤنڈ فی گھرانہ دیے جائیں گے، وزیر خزانہ

لندن (این این آئی) برطانیہ کے وزیر خزانہ جان ہیلی نے اپنا پہلا بجٹ پیش کرتے ہوئے گیس بلوں میں اضافی مقررہ چارجز ختم کرنے، لاکھوں گھرانوں کو مالی امداد دینے اور کھانے پینے کی 100 سے زائد اشیا پر درآمدی محصولات معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ (بقیہ نمبر 26)

سید علی سرور گیلانی کی جانب سے وزیراعلیٰ مریم نواز کی سالگرہ کی تقریب

لیگی رہنماؤں، کارکنان کی شرکت، درازی عمر کے لئے دعائیں کی گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سید علی سرور گیلانی کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کے سلسلے میں پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر، رکن صوبائی اسمبلی ملک شہباز علی کھوکھر سمیت دیگر لیگی رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا جبکہ شرکاء نے مریم نواز شریف کے (بقیہ نمبر 18)

کراچی، زیر تعمیر عمارت پر فائرنگ سے گارڈ جاں بحق، 2 مزدور زخمی

کراچی (این این آئی) نشتر روڈ، گارڈن ایسٹ میں زیر تعمیر عمارت پر فائرنگ کے نتیجے میں ایک سیکیورٹی گارڈ جاں بحق اور دو مزدور زخمی ہونے کا مقدمہ سولجر بازار تھانے میں درج کر لیا گیا۔ مقدمہ تعمیراتی شعبے سے وابستہ بلڈر عمران عبدالستار کی مدعیت میں (بقیہ نمبر 17)

ٹرک اور سوزوکی وین میں تصادم، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

ریسکیو 1122 نے زخمی اور جاں بحق شخص کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا

چکوال (خاور شہزاد) چوآ روڈ پر بندھن میرج ہال کے قریب ٹرک نمبر XA-861 اور سوزوکی وین نمبر CBC-9889 کے درمیان تصادم کے نتیجے میں چوآ سیدن شاہ کا رہائشی 70 سالہ محمد حیات ولد عبدالحیات جاں بحق جبکہ 23 سالہ اللہ یار ولد عبدالعلی زخمی ہو گیا۔ ریسکیو 1122 چکوال کے کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کو حادثے کی اطلاع ملتے (بقیہ نمبر 23)

ڈی سی مری کا گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کاہیا کا دورہ

کلاس رومز کا معائنہ، بچوں سے ملاقات اور اساتذہ کی کاوشوں کی تعریف، سکول میں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کا حکم

تعلیم ہی ترقی کی ضامن، اساتذہ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق تدریسی عمل کو پروان چڑھائیں، ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول کاہیا کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری نے سکول میں تعلیمی سرگرمیوں، صفائی ستھرائی، سہولیات اور تدریسی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے کلاس رومز کا معائنہ کیا، طالبات سے ملاقات کی اور اساتذہ کی تدریسی کاوشوں کو سراہا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے ہدایت کی کہ طالبات کو بہترین تعلیمی ماحول کی (بقیہ نمبر 6)

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی کے 18 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صفائی کے عمل کی مانیٹرنگ کیلئے 24 ہزار 547 انسپکٹرز پر اظہار اطمینان

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے دیہات میں صفائی کے عمل کی مانیٹرنگ کے لئے محکمہ بلدیات کے افسروں کی 24 ہزار 547 انسپکٹرز پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے یہی جذبہ برقرار رکھنے پر زور دیا ہے۔ وہ ستھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں فیلڈ افسروں کے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس (بقیہ نمبر 19)

آئی جی اسلام آباد سے اے ڈی ڈویلپمنٹ کی ملاقات

پولیس افسران و اہلکاروں کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری سے ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز محمد جواد طارق اور اے ڈی ڈویلپمنٹ نے ملاقات کی جس میں اسلام آباد پولیس کے جاری ترقیاتی منصوبوں، پولیس انفراسٹرکچر کی بہتری، تعمیراتی کاموں پر پیش رفت اور پولیس افسران و اہلکاروں کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا (بقیہ نمبر 22)

سموگ کے تدارک کیلئے ٹریفک پولیس کا کریک ڈاؤن تیز

دھواں چھوڑنے والی 9 ہزار 998 گاڑیوں کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے

لاہور (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی ہدایت پر سموگ کے تدارک کے لیے لاہور ٹریفک پولیس کی کارروائیاں تیز کر دی گئیں، جبکہ رات گئے شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر خصوصی ناکے بھی قائم کیے جا رہے ہیں۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق لاہور آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست (بقیہ نمبر 27)

بلوچستان میں ٹرین آپریشن ایک دن کیلئے معطل کر دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں ٹرین آپریشن ایک دن جمعرات کو معطل رہا۔ پاکستان ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور کے لیے جعفر ایکسپریس روانہ نہیں ہوئی ۔ ریلوے حکام نے جناح پیپلز ٹرین کا بھی (بقیہ نمبر 28)

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کی نابینا طالبہ سویرا سہیل سے ملاقات

آل پنجاب آرٹس فیسٹیول میں سولو سنگنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی نابینا طالبہ سویرا سہیل کو انعامات سے نوازا

خصوصی طلبہ کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور انہیں یکساں مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات

خصوصی بچوں میں عزم اور خداداد صلاحیتیں موجود ہیں، وہ محنت کے بل بوتے پر نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں، سارہ حیات

چکوال (خاور شہزاد) چکوال ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے آل پنجاب آرٹس فیسٹیول کے مقابلہ سولو سنگنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ضلع چکوال کا نام روشن کرنے والی گورنمنٹ مڈل سپیشل ایجوکیشن سکول برائے نابینا کی ہونہار طالبہ سویرا سہیل سے اپنے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے طالبہ کی غیر معمولی کامیابی، محنت اور فنی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی اور حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعام اور تعریفی شیلڈ بھی دی۔ ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے کہا کہ خصوصی طلبہ و طالبات عزم، محنت اور خداداد صلاحیتوں (بقیہ نمبر 4)

ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات نے آل پنجاب آرٹس فیسٹیول کے مقابلہ سولو سنگنگ میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ضلع چکوال کا نام روشن کرنے والی گورنمنٹ مڈل سپیشل ایجوکیشن سکول برائے نابینا کی ہونہار طالبہ سویرا سہیل سے ملاقات کے دوران انعامات دے رہی ہیں

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان، ڈسٹرکٹ جنرل سیکرٹری میڈم بلقیس رؤف راجکون محلہ طفیل ٹاؤن یوسی 63 گوجرانوالہ حلقہ این اے 77 ضمنی انتخابات کے حوالے سے خواتین کے ہمراہ ڈور ٹو ڈور الیکشن کمپین کر رہی ہیں

پی ٹی آئی کا بلدیاتی انتخابات 2026 لڑنے کا فیصلہ

صدر پی ٹی آئی اسلام عامر مغل کی زیر صدارت اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات 2026 لڑنے کا فیصلہ کر لیا۔ صدر پی ٹی آئی اسلام عامر مغل کی زیر صدارت اجلاس کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ 400 عہدیداران (بقیہ نمبر 21)

نیتن یاہو کو کہنا ہوگا گھر جائیں، عرب رہنما یوسف جبارین

اسرائیلی وزیراعظم کو گھر بھیجنے کے لیے اب ہم سے بات کرنا پڑے گی، بیان

تل ابیب (این این آئی) عرب جماعت قائمہ المشترکہ کے رہنما یوسف جبارین نے انتخابی نتائج کے بعد ایک بیان میں کہا کہ نیتن یاہو کو گھر بھیجنے کے لیے اب ہم سے بات کرنا پڑے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عرب جماعت قائمہ العربیہ (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنید عالم کا اڈیالہ روڈ، مصریال روڈ اور ڈھوک سیداں کا دورہ، صفائی کے انتظامات کا معائنہ

کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور عوامی شکایات کے ازالے کی ہدایت

ستھرا پنجاب ایجنسی کا اینٹی لٹرنگ کریک ڈاؤن، مختلف علاقوں میں 414 انسپکشنز، قانون شکنی پر 74 افراد کو وارننگ نوٹس جاری

شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں، عوامی مقامات کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز راولپنڈی جنید عالم نے اڈیالہ روڈ، مصریال روڈ اور ڈھوک سیداں روڈ کا دورہ کر کے صفائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو صفائی کے معیار میں مزید بہتری لانے کی ہدایات جاری کیں۔ ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ڈسٹرکٹ منیجر آپریشنز عامر یونس نائیک اور دیگر آپریشن اسٹاف بھی ان کے ہمراہ تھے ۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے مختلف سڑکوں، گلیوں اور عوامی مقامات پر صفائی کی صورتحال کا معائنہ کیا اور اندرونِ گلیوں میں (بقیہ نمبر 5)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز راولپنڈی جنید عالم نے اڈیالہ روڈ، مصریال روڈ کا دورہ کر رہے ہیں

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعتِ خاص

وزیراعظم شہباز شریف کا پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال کا افتتاح

مریضوں کو مفت علاج فراہم کرنے کی ہدایت

اسلام آباد میں 182 بستروں پر مشتمل پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال بحال

وزیراعظم محمد شہبازشریف نے بحال کیے گئے پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال کا افتتاح کرتے ہوئے حکام کو ہدایت کی ہے کہ ملک بھر سے آنے والے مریضوں کو معیاری طبی سہولیات مفت فراہم کی جائیں۔ عوامی وسائل انسانیت کی خدمت کے لیے استعمال ہونے چاہئیں، نہ کہ ادارہ جاتی غفلت کے باعث ضائع ہونے دیئے جائیں۔وزیراعظم نے ہسپتال کی نوتعمیر شدہ سہولتوں کا دورہ کیا، وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال سے بریفنگ لی اور مریضوں سے بھی ملاقات کی۔انہوں نے پیشہ ورانہ بنیادوں پر چلائے جانے والے طبی اداروں کے ذریعے مفت علاج کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔چین کی جانب سے کووڈ19 کی وباء کے دوران تحفے میں دیئے گئے آئسولیشن ہسپتال اینڈ انفیکشس ٹریٹمنٹ سینٹر نے وباء کے

پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال کا انتظام انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے سپرد

خاتمے کے بعد کام کرنا بند کر دیا تھا اور یہ کئی سال تک بند رہا۔ پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال کے نئے نام سے اس کی بحالی کا مقصد ایک اہم قومی اثاثے کو دوبارہ فعال کرنا اور مریضوں کو جدید طبی سہولتیں فراہم کرنا ہے، خصوصاً ایسے افراد کو جو مہنگے علاج کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے۔جمعرات کو افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ہسپتال کی طویل عرصے تک بندش پر افسوس کا اظہار کیا اور اسے معاشرے کے غریب اور کمزور طبقات کے حوالے سے غفلت کی ایک افسوسناک مثال قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ اخبار میں ہسپتال کی صورت حال کے بارے میں خبر پڑھنے کے بعد انہوں نے فوری نوٹس لیا اور وزیر صحت کو ہدایت کی کہ ہسپتال کی بحالی کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں۔وزیراعظم نے کہا کہ یہ ہسپتال چین کی حکومت اور عوام کی جانب سے ایک فراخدلانہ تحفہ تھا جو چینی صدر شی جن پنگ کے بین الاقوامی تعاون اور انسانی فلاح و بہبود

کے لیے مشترکہ ذمہ داری کے وژن کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے ہسپتال کی کئی سال تک بندش پر چین کے سفیر اور عوام سے معذرت بھی کی۔وزیراعظم شہبازشریف نے کہا کہ حکومت علاج معالجے کے 100 فیصد اخراجات برداشت کرے گی جبکہ انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک سرکاری ونجی شراکت داری کے تحت ہسپتال کا انتظام چلائے گا۔انہوں نے کہا کہ نیٹ ورک کے زیر انتظام ہسپتالوں کے حوالے سے ان کے تجربے نے انہیں قائل کیا ہے کہ سرکاری طبی اداروں کا انتظام مستند اور قابل اداروں کے سپرد کرنے سے خدمات کی فراہمی، کارکردگی اور جوابدہی کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔وزیراعظم نے وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال اور ہسپتال کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ اسے ایک مثالی ادارہ بنایا جائے۔انہوں نے زور دیا کہ ایسے افراد کو علاج فراہم کرنا جو اس کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے، عوامی خدمت کی بہترین صورتوں میں سے ایک ہے۔انہوں نے طبی خدمات کے معیار کا جائزہ لینے اور جوابدہی یقینی بنانے کے لیے تیسرے فریق کے ذریعے کارکردگی کا آڈٹ کرانے کی بھی ہدایت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ہسپتال سرکاری شعبے کے دیگر اداروں کے لیے ایک معیار قائم کرے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال اور ان کی ٹیم کو عوامی فلاح و بہبود کے اس منصوبے کو ریکارڈ مدت میں تصور سے تکمیل تک پہنچانے اور سب کے لئے معیاری اور قابلِ رسائی صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے حکومتی مشن کو آگے بڑھانے پر سراہا۔وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے وزیراعظم کی ذاتی کاوشوں اور مسلسل نگرانی پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی گہری دلچسپی اور عزم کے باعث مختصر مدت میں ہسپتال کی بحالی ممکن ہوئی۔انہوں نے اسلام آباد میں طبی سہولتوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کے قیام کے بعد اس کی آبادی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جبکہ گلگت بلتستان، خیبر پختونخوا، آزاد جموں وکشمیر اور راولپنڈی سے بھی مریض علاج کے لیے یہاں آتے ہیں۔وزیر صحت نے کہا کہ 182 بستروں پر مشتمل یہ ہسپتال بڑھتی ہوئی ضروریات پوری کرنے اور وفاقی دارالحکومت سمیت گردونواح کے علاقوں کے مریضوں کو ضروری طبی سہولتیں فراہم کرنے میں مدد دے گا۔انہوں نے شرکا کو بتایا کہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں 200 بستروں پر مشتمل کینسر ہسپتال بھی تیار کر لیا گیا ہے جس کے اگلے سال فعال ہونے کی توقع ہے۔سید مصطفیٰ کمال نے پاکستان کی جانب سے چین کی حکومت اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ہسپتال کو ایک قیمتی تحفہ قرار دیا اور کہا کہ انہیں اسے دوبارہ فعال کرنے میں کردار ادا کرنے پر فخر ہے۔ پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زی ڈونگ نے افتتاح کا خیرمقدم کرتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ذاتی توجہ کے نتیجے میں اس ہسپتال کو جنرل ہسپتال میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔انہوں نے ہسپتال کا نام پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال رکھنے کے فیصلے کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ وزیراعظم کے چین کے لیے گہرے جذبات اور دوطرفہ تعلقات مضبوط

بنانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔چینی سفیر نے عوامی فلاح و بہبود کے دیگر شعبوں میں پاکستان کی کوششوں کو بھی سراہا جن میں پولیو کا خاتمہ، صحت کارڈ کے اقدامات میں توسیع اور نوجوانوں کی ترقی شامل ہیں۔پاکستان کے معاشی اشاریوں کا حوالہ دیتے ہوئے جیانگ زی ڈونگ نے زرمبادلہ کے ذخائر، برآمدات، براہ راست غیرملکی سرمایہ کاری اور

وزیراعظم کا عوام کو معیاری طبی سہولیات مفت فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ

کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کا ذکر کیا۔انہوں نے دوسرے مرحلے میں چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت اقتصادی تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کی چین کی خواہش کا اظہار کیا۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال کامیابی سے کام کرے گا اور عوام کی خدمت جاری رکھتے ہوئے دونوں ممالک کی دیرینہ دوستی کو مزید مضبوط بنائے گا۔انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عبدالباری خان نے ہسپتال کا انتظام ان کے ادارے کے سپرد کرنے پر وزیراعظم اور وزیر صحت کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے اس شراکت داری کو وفاقی دارالحکومت میں مفت طبی سہولتوں کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کا ایک اہم موقع قرار دیا۔انہوں نے بتایا کہ نیٹ ورک پاکستان بھر میں 15 ہسپتال، بنیادی صحت کی 140 کلینکس، خون کے چار مراکز اور جسمانی بحالی کے چار مراکز چلا رہا ہے جہاں ہر ماہ تقریباً سات لاکھ مریضوں کو خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ شہبازشریف کے ساتھ ان کے ادارے کی شراکت داری اس وقت شروع ہوئی تھی جب وہ پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے اور حکومت نے معیاری طبی سہولتوں تک رسائی بہتر بنانے کے لیے بعض ہسپتالوں کا انتظام نیٹ ورک کے سپرد کیا تھا۔انہوں نے کہا کہ نیٹ ورک کی سرگرمیوں میں نمایاں توسیع ہوئی ہے اور اس کا سالانہ بجٹ پہلے سال کے ایک ارب روپے سے بڑھ کر رواں سال 68 ارب روپے ہو گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس ترقی میں عوامی تعاون، عطیات، طبی عملے کی لگن اور مریضوں کی دعاؤں کا اہم کردار ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ نیٹ ورک کے مجموعی بجٹ کا تقریباً 70 فیصد پاکستان کے اندر سے حاصل کیا جاتا ہے۔ڈاکٹر باری نے کہا کہ ان کا ادارہ طویل عرصے سے وفاقی دارالحکومت میں اپنی خدمات کا دائرہ بڑھانے کا خواہاں تھا اور انہوں نے اس مقصد کو ممکن بنانے پر وزیراعظم اور وزیر صحت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے اسلام آباد میں خون کا ایک مرکز قائم کرنے کے

غریب اور مستحق مریضوں کے لیے بڑی سہولت

منصوبے کا بھی اعلان کیا۔انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ یہ شراکت داری مزید فروغ پائے گی اور ایک صحت مند پاکستان کی تعمیر میں کردار ادا کرے گی۔انہوں نے مالی مشکلات کو معیاری علاج کی راہ میں رکاوٹ بننے سے روکنے اور مریضوں کو بلاامتیاز طبی سہولتیں فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔پاکستان چین فرینڈشپ ہسپتال میں 182 بستروں کی گنجائش ہے جن میں انتہائی نگہداشت کے یونٹ (آئی سی یو) کے 50 بستر شامل ہیں۔ توقع ہے کہ یہ ہسپتال اسلام آباد، راولپنڈی، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور ملک کے دیگر حصوں سے آنے والے مریضوں کو طبی سہولتیں فراہم کرے گا۔نئے انتظام کے تحت حکومت مریضوں کے علاج کے اخراجات برداشت کرے گی، جبکہ انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک مؤثر انتظامی امور اور معیاری طبی خدمات یقینی بنانے کے لیے پیشہ ورانہ انتظام اور طبی مہارت فراہم کرے گا۔ہسپتال کا افتتاح چین کی جانب سے کووڈ 19 کی وباء کے دوران تحفے میں دی گئی ایک اہم طبی سہولت کی بحالی کی علامت ہے جس کے ذریعے طویل عرصے سے غیر فعال قومی اثاثے کو ضرورت مند مریضوں کے لیے مفت طبی سہولتوں کے ایک نئے مرکز میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

☆☆☆

بقیہ 1

عامر علی احمد نے انہیں پروگرام کی کامیابیوں اور جاری اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی۔خاتونِ اول نے مستحق خاندانوں کی معاونت اور خواتین کو بااختیار بنانے کے فروغ میں بی آئی ایس پی کے کردار کو سراہا۔انہوں نے مالیاتی خواندگی اور عوامی آگاہی کی اہمیت پر زور دیا تاکہ مستفید ہونے والے افراد باخبر مالی فیصلے کر سکیں اور اپنی جائز امداد باعزت اور شفاف طریقے سے حاصل کر سکیں۔انہوں نے شکایات کے ازالے کے نظام کو مزید مضبوط بنانے، کمیونٹی سطح پر رابطوں کو وسعت دینے کے لیے لیڈی ہیلتھ ورکرز کے ساتھ اشتراک کے امکانات تلاش کرنے اور بی آئی ایس پی کے پروگراموں اور خدمات کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے لیے سوشل اور ڈیجیٹل میڈیا کے زیادہ مؤثر استعمال پر زور دیا۔انہوں نے بی آئی ایس پی کو اس کے اقدامات آگے بڑھانے کے لیے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔سینیٹر روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی کے معاشی اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے عالمی بینک کی ایک تحقیق کا حوالہ دیا، جس کے مطابق پروگرام کے ذریعے خرچ کیے جانے والے ہر ایک روپے سے حقیقی آمدنی میں اندازاً 2.34 روپے کا اضافہ ہوتا ہے۔بی آئی ایس پی تقریباً 16لاکھ 60ہزار کل وقتی مساوی ملازمتوں کی معاونت کرتا ہے، جن میں سے دو تہائی دیہی علاقوں میں ہیں، جبکہ پروگرام کے نتیجے میں پیدا ہونے والی معاشی سرگرمیوں سے قومی خزانے میں سالانہ اندازاً 174ارب روپے کا حصہ شامل ہوتا ہے۔خاتونِ اول کو بینظیر ہنرمند پروگرام کے بارے میں بریفنگ دی گئی، جس کے تحت روزگار اور خود روزگاری سے منسلک مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہنر سکھانے کے لیے 50ہزار سے زائد افراد رجسٹریشن کروا چکے ہیں۔تربیت میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، مہمان نوازی اور تعمیرات کے شعبے شامل ہیں، جبکہ ایشیائی ترقیاتی بینک اور جی آئی زیڈ سمیت ترقیاتی شراکت دار اس پروگرام میں معاونت فراہم کر رہے ہیں۔انہوں نے حکومتِ سندھ کے اشتراک سے بینظیر بھٹو شہید ہیومن ریسورس ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ذریعے فراہم کی جانے والی ہنرمندی کی تربیت کا بھی جائزہ لیا۔اب تک 5ہزار سے زائد افراد تربیت حاصل کر چکے ہیں، جبکہ 1,200 سے زیادہ افراد کو روزگار مل چکا ہے۔سیکرٹری بی آئی ایس پی نے خاتونِ اول کو سوشل پروٹیکشن والٹ منصوبے کے بارے میں بریفنگ دی، جس کے تحت 97لاکھ سم فعال کی جا چکی تھیں اور 93لاکھ مستفید ہونے والے افراد اپنے قومی شناختی کارڈ سے منسلک ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے لین دین کر چکے تھے۔انہوں نے ادائیگیوں میں شفافیت اور مالی شمولیت کو مضبوط بنانے کے لیے بائیومیٹرک تصدیق اور دو سطحی تصدیقی نظام کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔انہوں نے بی آئی ایس پی کی بڑھتی ہوئی میڈیا رسائی کے بارے میں بھی بریفنگ دی۔ستمبر 2024 سے اکتوبر 2026 کے دوران پروگرام کے فیس بک فالوورز کی تعداد تقریباً 5لاکھ 1ہزار سے بڑھ کر 14لاکھ ہوگئی، جبکہ انسٹاگرام، ٹک ٹاک اور یوٹیوب پر بھی صارفین کی شمولیت میں اضافہ ہوا۔خاتونِ اول نے بی آئی ایس پی کی موبائل رجسٹریشن وین کا معائنہ کیا اور اس کے مختلف حصوں اور سہولیات کا جائزہ لیا۔انہیں وین کے طریقہ کار، رجسٹریشن کے عمل، آلات اور خدمات کے بارے میں بریفنگ دی گئی، جن کا مقصد مستفید ہونے والے افراد، بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والوں کو بی آئی ایس پی کی خدمات تک رسائی میں سہولت فراہم کرنا ہے۔انہیں مستفید ہونے والے افراد کی دوبارہ تصدیق، معذور افراد کی معاونت، پہلے سے نظرانداز کیے گئے طبقات کی شمولیت، تعلیمی وظائف اور خاندانی فلاح و بہبود کے اقدامات کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔شادی شدہ ہونے کی شرط ختم کرنے کو پہلے سے محروم خواتین تک معاونت پہنچانے کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔سینیٹر روبینہ خالد نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے قیام اور قومی شناختی نظام میں خواتین کی شمولیت کو آگے بڑھانے کے حوالے سے صدر آصف علی زرداری کے وژن کا ذکر کیا۔انہوں نے یاد دلایا کہ 2008 میں صدر زرداری نے ہدایت کی تھی کہ بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے کی خواہش مند خواتین کے پاس کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) ہونا چاہیے۔اس اقدام سے لاکھوں ایسی خواتین کو قومی شناختی نظام میں شامل کرنے میں مدد ملی جن کا پہلے سرکاری ریکارڈ موجود نہیں تھا، اور سماجی تحفظ اور عوامی خدمات تک ان کی رسائی مضبوط ہوئی۔انہوں نے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام میں توسیع کو مالی شمولیت کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا اور مستفید ہونے والے خاندانوں کے لیے پائیدار ذریعہ معاش اور معاشی خودمختاری کے مواقع پیدا کرنے میں ہنرمندی کی ترقی کے کردار کو بھی اجاگر کیا۔دورے کے دوران خاتونِ اول نے بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والی خواتین سے ملاقات کی اور ان کے تجربات سنے۔انہوں نے اس بات کی اہمیت پر دوبارہ زور دیا کہ مستحق خاندانوں تک امداد مؤثر انداز میں پہنچانے کے لیے آگاہی، شفافیت اور جوابدہی کو مزید مضبوط بنایا جائے۔اجلاس میں رکن قومی اسمبلی شازیہ مری، سینیٹر سردار الحاج محمد عمر گورگیج، چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 2

(ایچ ای سی) ڈاکٹر نیاز احمد اختر تھے جبکہ سابق صوبائی وزیر صحت و بہبود آبادی پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر، پرائم منسٹر ہیپاٹائٹس سی ایلیمینیشن پروگرام کے فوکل پرسن زبیر ناصر، وائس چانسلر نیشنل سکلز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر مسعود الطاف اور دیگر متعلقہ شخصیات بھی اس موقع پر موجود تھیں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے کہا کہ ہیپاٹائٹس سی ایک سنگین عوامی صحت کا مسئلہ بنتا جا رہا ہے، جس سے نمٹنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر مؤثر اقدامات اور اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ سہولیات اور جاری اقدامات سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اس مرض کی بروقت تشخیص، علاج اور روک تھام کو یقینی بنانا ہوگا۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کو 2030 تک ہیپاٹائٹس سی سے پاک کرنے کے قومی وژن کی تکمیل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔سابق صوبائی وزیر صحت و بہبود آبادی پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے اپنے خطاب میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایچ ای سی کے مشکور ہیں کہ انہوں نے جامعات کو ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کی اس قومی مہم میں تعاون کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے کہا کہ جامعات محض تعلیم و تحقیق کے مراکز ہی نہیں بلکہ سماجی شعور اجاگر کرنے اور قومی مسائل کے حل میں عملی کردار ادا کرنے کے لیے بھی اہم حیثیت رکھتی ہیں۔اعلیٰ تعلیمی اداروں میں اسکریننگ کیمپوں اور آگاہی سرگرمیوں کا انعقاد نہ صرف طلبہ کو صحت سے متعلق ذمہ داریوں سے آگاہ کرتا ہے بلکہ معاشرے میں احتیاطی تدابیر اور بروقت علاج کے رجحان کو بھی فروغ دیتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ہیپاٹائٹس سی کی بروقت تشخیص اور مستند طبی مشورے کے مطابق علاج سے اس مرض پر قابو پانے میں مدد مل سکتی ہے۔عوام میں اس حوالے سے پائے جانے والے خوف، غلط فہمیوں اور عدم آگاہی کو دور کرنا بھی ضروری ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اپنی اسکریننگ کروانے اور ضرورت پڑنے پر علاج حاصل کرنے کی جانب راغب ہوں۔

بقیہ 3

کارکردگی کا بھی جائزہ لیا اور افسران کو جعلسازوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔انہوں نے فوڈ سیفٹی معیارات پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے اتھارٹی کی آپریشنل استعداد کار بڑھانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔سیکرٹری نے پنجاب بھر میں فوڈ سیفٹی کو یقینی بنانے کے لیے وزیراعلیٰ کے ویژن کا بھی اعادہ کیا۔جاری اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر کرن خورشید نے عوامی صحت کے تحفظ کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی فعال کارروائیوں اور کارکردگی کو سراہا۔

بقیہ 4

کے بل بوتے پر زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔سویرا سہیل کی کامیابی نہ صرف ضلع چکوال بلکہ پورے علاقے کے لیے باعثِ فخر ہے اور دیگر طلبہ و طالبات کے لیے بھی ایک روشن مثال ہے۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خصوصی بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے، ان کی حوصلہ افزائی اور انہیں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ملاقات کے موقع پر ہیڈ مسٹریس صدف نواب، سویرا سہیل کے والدین اور اساتذہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 5

جا کر شہریوں سے ملاقاتیں کیں۔انہوں نے شہریوں سے صفائی کے انتظامات، درپیش مسائل اور بہتری کے لیے تجاویز معلوم کیں اور ان کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔جنید عالم نے آپریشن اسٹاف پر زور دیا کہ گلیوں، سڑکوں، بازاروں اور دیگر عوامی مقامات پر صفائی کے انتظامات، کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے۔شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے فیلڈ میں موجود عملے کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جائے اور عوامی شکایات کے حل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہونے دی جائے۔ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات پر شہر بھر میں گندگی پھیلانے والوں کے خلاف اینٹی لٹرنگ سکواڈ کی کارروائیاں بھی جاری ہیں۔سکواڈ نے ٹیپو روڈ، سرکلر روڈ، بینظیر مارکیٹ، داتا گنج بخش روڈ سمیت مختلف علاقوں میں مجموعی طور پر 414انسپکشنز کیں، جبکہ صفائی سے متعلق خلاف ورزیوں پر 74افراد کو وارننگ نوٹس جاری کیے گئے۔اینٹی لٹرنگ کارروائیوں کا مقصد شہری و تجارتی علاقوں میں صفائی کے ضابطوں پر عمل درآمد یقینی بنانا، گندگی پھیلانے کے رجحان کی حوصلہ شکنی اور عوام میں صفائی سے متعلق ذمہ داری کا شعور اجاگر کرنا ہے۔ستھرا پنجاب ایجنسی کی جانب سے فیلڈ انسپکشنز، مانیٹرنگ اور عوامی آگاہی کے ذریعے صفائی کے معیار کو بہتر بنانے کے اقدامات تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے مطابق جدید ٹیکنالوجی، مؤثر فیلڈ مانیٹرنگ، اینٹی لٹرنگ کارروائیوں اور شہریوں کے تعاون سے شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔شہریوں سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں، عوامی مقامات کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں اور صفائی سے متعلق مسائل کی نشاندہی کر کے متعلقہ اداروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 6

فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور سکول میں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ تعلیم ہی ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے۔جن قوموں نے ترقی کی اس میں تعلیم نے ہی بنیادی کردار ادا کیا۔آج کے بچے کل کا مستقبل ہیں۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تدریسی عمل کو پروان چڑھائیں۔اساتذہ قوم کے معمار ہیں۔شعبہ تدریس سے وابستہ افراد عبادت کر رہے ہیں۔

بقیہ 7

ان منصوبوں کے لیے 7ارب 50 کروڑ روپے کے فنڈز دستیاب ہیں۔اجلاس میں شہر کی اہم شاہراہوں کی تعمیر و بحالی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ان میں خیابانِ سرسید روڈ، بوکرہ روڈ، ڈھوک روڈ، راول روڈ، چاندنی چوک تا کمرشل مارکیٹ روڈ، ریلوے ورکشاپ روڈ، چائنا مارکیٹ تا گورڈن کالج روڈ، فور بی روڈ اور بندھ کھنہ روڈ سمیت دیگر منصوبے شامل ہیں۔اس کے علاوہ تحصیل ٹیکسلا، کلر سیداں، گوجر خان اور کہوٹہ میں مختلف رابطہ سڑکوں کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت بھی زیر بحث آئی۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام میں تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔تمام متعلقہ افسران اور کنٹریکٹرز مقررہ ٹائم لائن کے مطابق کام کی تکمیل یقینی بنائیں اور منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کریں۔انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور فنڈز کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔جہاں ٹینڈرنگ یا دیگر انتظامی مراحل زیر تکمیل ہیں، انہیں بلاوجہ التوا میں نہ رکھا جائے بلکہ تمام ضروری کارروائی بروقت مکمل کی جائے۔ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ متعلقہ محکمے باہمی رابطے کے ذریعے کام میں حائل رکاوٹیں فوری دور کریں اور پیش رفت سے متعلق باقاعدہ رپورٹ پیش کریں تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات اور معیاری بنیادی ڈھانچے کی فراہمی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 8

پنوعاقل سے تعلق رکھنے والی شازیہ یاسین ایم اے اردو اور ایم اے ایجوکیشن ہیں اور گزشتہ دو دہائیوں سے ایف جی ہائر سیکنڈری اسکول، پنوعاقل کینٹ میں تدریسی خدمات انجام دے رہی ہیں۔وہ تقریباً ایک دہائی سے مختلف اخبارات و رسائل میں کالم اور مضامین لکھ رہی ہیں اور اپنے ادارے کے اخبار ''ایجوکیشن نیوز'' کی واحد خاتون لکھاری بھی ہیں۔شازیہ یاسین کی تحریریں دس سے زائد انتھالوجی کتب کے علاوہ پڑوسی ملک میں شائع ہونے والی کتب میں بھی شامل ہیں، جبکہ ان کی تین انتھالوجی کتب زیرِ طبع ہیں۔ادبی مقابلوں میں نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے کے ساتھ وہ متعدد اعزازات بھی اپنے نام کر چکی ہیں اور شعبہ تدریس میں بہترین استاد کا اعزاز بھی حاصل کر چکی ہیں۔''رازِ زیست'' ان کی پہلی مستقل تصنیف ہے، جبکہ دوسری کتاب بھی زیرِ طبع ہے۔ان کی ادبی کاوشیں تدریس اور قلم سے بیک وقت گہری وابستگی اور مثبت سماجی فکر کی عکاس ہیں۔

بقیہ 9

ہوگئی۔واقعے پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وزیر داخلہ و قانون سندھ ضیاء الحسن لنجار نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے تحقیقات اور زخمیوں کو فوری طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق پی پی ایچ آئی کے اسپتال ڈانو دھاندل کی ایمبولینس میں مریضوں کو مٹھی منتقل کیا جا رہا تھا۔اسی دوران مریضوں کو آکسیجن فراہم کرنے کے لیے سلنڈر استعمال کرنے کی کوشش کی گئی تو اچانک دھماکا ہو گیا، جس کے بعد ایمبولینس میں آگ بھڑک اٹھی۔دھماکے کے نتیجے میں ایمبولینس مکمل طور پر جل کر تباہ ہو گئی۔ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں دو خواتین سمیت متعدد افراد شامل ہیں۔ابتدائی طور پر جاں بحق افراد میں 42 سالہ اسحاق تھیبو، 38 سالہ ڈینو میگھواڑ اور 45 سالہ پاندھی راجڑ کی شناخت ہوئی ہے، جبکہ دیگر جاں بحق افراد کی شناخت کا عمل جاری ہے۔زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم ایک زخمی علاج کے لیے حیدرآباد منتقل کیے جانے کے دوران راستے میں دم توڑ گیا۔ایس ایس پی تھرپارکر عارف عزیز کے مطابق واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس اور متعلقہ اداروں کے اہلکار جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے انتظامات کیے گئے، جبکہ جاں بحق افراد کی لاشیں سول اسپتال مٹھی منتقل کی جا رہی ہیں۔ایس ایس پی تھرپارکر کے مطابق دھماکے کی وجوہات اور واقعے کی نوعیت کا تعین کرنے کے لیے شواہد کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے گا۔اس مقصد کے لیے میرپورخاص اور کراچی سے ماہر ٹیمیں طلب کر لی گئی ہیں تاکہ واقعے کی مکمل تحقیقات کی جا سکیں۔صدر مملکت آصف علی زرداری نے تھرپارکر میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کرانے کی ہدایت کی ہے۔انہوں نے مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات کی روک تھام کے لیے حفاظتی انتظامات مؤثر بنانے پر بھی زور دیا۔وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے بھی حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔وزیراعلیٰ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایمبولینس میں آکسیجن سلنڈر تبدیل کرنے کے دوران آگ بھڑکنے سے یہ افسوسناک واقعہ پیش آیا۔وزیراعلیٰ سندھ نے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کو امدادی سرگرمیاں تیز کرنے اور چاروں زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے واقعے کی فوری اور شفاف تحقیقات کر کے تفصیلی رپورٹ پیش کرنے اور سرکاری ایمبولینسوں سمیت طبی مراکز میں حفاظتی انتظامات کا جائزہ لینے کا حکم بھی دیا۔دوسری جانب وزیر داخلہ و قانون سندھ ضیاء الحسن لنجار نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایس پی اور ڈپٹی کمشنر تھرپارکر سے تفصیلات طلب کر لی ہیں۔انہوں نے زخمیوں کو فوری طبی امداد اور بروقت علاج کی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔حکام کے مطابق واقعے کی وجوہات کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ماہر ٹیموں کی رپورٹ سامنے آنے کے بعد دھماکے کے اسباب اور حفاظتی انتظامات سے متعلق مزید تفصیلات واضح ہو سکیں گی۔

بقیہ 10

پٹرولنگ یونٹس قائم کر دیے ہیں۔ان یونٹس کی مدد سے منفی پروپیگنڈے اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث 76 سے زائد ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے سید علی ناصر رضوی نے اپنے ایک ویڈیو بیان میں بتایا کہ این سی سی آئی اے نے 'کاسوک' کے نام سے خصوصی یونٹس قائم کیے گئے ہیں جن کا بنیادی کام سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل اسپیس پر ریاست مخالف عناصر اور ان کے منفی پروپیگنڈے پر کڑی نظر رکھنا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ان کارروائیوں کے نتیجے میں اب تک 76 سے زائد افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے، جبکہ متعدد کو نوٹسز جاری کیے گئے، باقاعدہ انکوائریز شروع کی گئیں اور مقدمات (ایف آئی آرز) درج کیے گئے ہیں۔ڈی جی این سی سی آئی اے نے واضح کیا کہ قبل ازیں ہیڈ کوارٹر کی سطح پر صرف ایک پٹرولنگ یونٹ موجود تھا، جسے اب بڑھا کر 17 سائبر پٹرولنگ یونٹس تک وسیع کر دیا گیا ہے۔یہ تمام یونٹس سوشل میڈیا پر ہونے والی سرگرمیوں کی ہمہ وقت نگرانی کر رہے ہیں اور ریاست مخالف پروپیگنڈے، جعلی خبروں (فیک نیوز)، خواتین کو آن لائن ہراساں کرنے، غیر اخلاقی و فحش مواد کی تشہیر سمیت دیگر سنگین سائبر جرائم کے تدارک میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔سید علی ناصر رضوی نے بتایا کہ ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور پٹرولنگ کے عمل کو جدید بنانے کے لیے مصنوعی ذہانت کے ٹولز کا مؤثر اور بھرپور استعمال کیا جا رہا ہے۔ان جدید ترین اے آئی ٹولز اور ایجنٹس کی مدد سے ڈیٹا کا باریک بینی سے تجزیہ کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے ورٹیکل اور ہوریزونٹل امتزاج کے ذریعے ادارے کی استعداد کار اور فنی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنایا گیا ہے تاکہ سائبر اسپیس کو محفوظ بنایا جا سکے اور قانون شکن عناصر کے خلاف فوری و بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 11

بھروسہ کرنے یا اسے شیئر کرنے سے قبل سوال اٹھائیں، تصدیق کریں اور اسے پرکھیں۔وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سائبر منتھ 2026 کے تحت ڈیجیٹل تحفظ اور مصنوعی ذہانت سے متعلق عوامی آگاہی کے حوالے سے قومی سائبر ایمرجنسی رسپانس ٹیم کی جانب سے جاری کردہ آگاہی مہم میں مصنوعی ذہانت کے فکری ابہام پر روشنی ڈالتے ہوئے واضح کیا گیا ہے کہ پر کشش اور روانی سے دیے گئے جوابات کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ درست بھی ہیں۔اے آئی ماڈلز اکثر اوقات حقائق، نام، تاریخیں یا لنکس خود سے گھڑ لیتے ہیں، پرانی معلومات پیش کرتے ہیں، یا پھر اصل سوال کے سیاق و سباق کو سمجھے بغیر قائل کر لینے والے انداز میں جواب تحریر کرتے ہیں، جس سے صارفین کے گمراہ ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔اس حوالے سے شہریوں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ محض پر اعتماد لہجے کو ثبوت نہ سمجھا جائے اور خاص طور پر صحت، قانون، مالیات اور سیکیورٹی سے جڑے حساس معاملات میں کبھی بھی صرف مصنوعی ذہانت پر انحصار نہ کیا جائے۔اس کے علاوہ مستند اور سرکاری ذرائع سے حقائق کو کراس چیک کرنے، اے آئی سے حوالہ جات طلب کر کے خود پڑھنے اور اہم فیصلوں کے لیے متعلقہ ماہرین سے رجوع کرنے کی تلقین کی گئی ہے۔مہم کے تحت شہریوں پر زور دیا گیا ہے کہ وہ ایک محفوظ اور ڈیجیٹل پاکستان کی تعمیر کے لیے نقصان دہ اور گمراہ کن اے آئی مواد کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں اور ''باخبر ہیں، محفوظ ہیں'' کے تحت کسی بھی معلومات کو استعمال کرنے سے پہلے ''سوال اٹھائیں، کراس چیک کریں، تصدیق کریں اور پھر استعمال کریں'' کے اصول کو اپنائیں۔

بقیہ 12

وسعت دینے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے تاجکستان کے وزیر خارجہ سراج الدین مہرالدین سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے 19 اور 20 اکتوبر کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے دوشنبے کے دورے کے دوران پرتپاک استقبال اور مہمان نوازی پر تاجکستان کے وزیر خارجہ کا شکریہ ادا کیا۔دونوں وزرائے خارجہ نے پاکستان اور تاجکستان کے دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی مفاد پر مبنی تعاون کو وسعت دینے کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 13

خیال کیا گیا، خواجہ شاہزیب اکرم اور خواجہ وسیم افضل بھی اس موقع پر موجود تھے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب صدر علی حسام اصغر کو مبارکباد دی۔ملاقات کے دوران لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد نے کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل اور پنجاب میں صنعتی ترقی کے فروغ کیلئے مختلف تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔مریم نواز نے قابل عمل تجاویز پر عملدرآمد کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ پنجاب کو کاروبار دوست صوبہ بنانے کیلئے ڈیجیٹلائزیشن کا عمل تیزی سے جاری ہے، تاجروں، صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے ای بز متعارف کرایا گیا ہے، جبکہ صنعتی ترقی کی راہ میں حائل سرخ فیتے کی رکاوٹیں دور کی جا رہی ہیں۔

بقیہ 14

واقعے پر افغان طالبان کا جھوٹا بیانیہ ان کے فریب پر مبنی طرزِ عمل کا عکاس ہے۔وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق افغان طالبان فورسز نے پاکستانی حدود میں شہریوں پر بلااشتعال فائرنگ، مارٹر گولہ برسائے، طالبان رجیم کی بلااشتعال فائرنگ بھارتی ہدایات اور پراکسی عناصر کے طے کردہ طریقہ کار کا تسلسل ہے۔رپورٹ کے مطابق پاکستان کی سیکیورٹی فورسز نے افغان طالبان جارحیت کا فوری اور بھرپور جواب دیا، طالبان کی 7 پوسٹیں تباہ کیں اور افغان طالبان کو بھاری جانی و مالی نقصان کا بھی سامنا کرنا پڑا۔وزارت اطلاعات و نشریات کا کہنا ہے کہ غیر نمائندہ طالبان رجیم اپنے عوام کو گمراہ کرنے کے لیے جھوٹ کا سہارا لے رہی ہے۔

بقیہ 15

لانڈرنگ کی روک تھام کے لیے صوبائی اینٹی کرپشن اداروں کو اختیارات دینے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے، تاہم اس فیصلے پر عمل درآمد متعلقہ ضابطہ کار (ایس او پیز) کی تکمیل سے مشروط ہوگا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے ورچوئل اثاثہ جات کو بھی انسداد منی لانڈرنگ کے نظام میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔اس سلسلے میں ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی کو انسداد منی لانڈرنگ قانون کے تحت اختیارات دے دیے گئے ہیں۔ان اقدامات کا مقصد مالی لین دین کی نگرانی اور منی لانڈرنگ کی روک تھام کے نظام کو مزید مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ 16

فیصل آباد، ڈپٹی ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل فیصل آباد طارق محمود کو ڈپٹی ڈائریکٹر اے ڈی جی ساؤتھ، ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل بینکنگ سرکل پشاور زون اعجاز احمد شیخ کو ڈپٹی ڈائریکٹر اکنامک کرائم ونگ ہیڈ کوارٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن فیصل آباد فرخ بگ کو ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن گوجرانوالہ زون، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن فیصل آباد زون عمر فاروق کو ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن فیصل آباد زون، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل ساہیوال الطاف گوہر کو ڈپٹی ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل ساہیوال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن پشاور زون افتخار علی کو ڈپٹی ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل ایبٹ آباد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اے ایم ایل سی پشاور زون فضل اکبر کو ڈپٹی ڈائریکٹر کمرشل بینکنگ سرکل پشاور زون جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کمپوزٹ سرکل مردان شفاقت جمال کو ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن پشاور زون تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 17

مبینہ طور پر لیاری گینگ وار کے سرغنہ جمیل عرف چھانگا اور اس کے گروپ کے نامعلوم افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے۔پولیس کے مطابق مقدمہ نمبر 339/2026 میں قتل، اقدامِ قتل، بھتہ خوری اور دیگر دفعات شامل کی گئی ہیں، جبکہ واقعے میں ملوث ملزمان کی گرفتاری تاحال عمل میں نہیں آسکی۔مقدمے کی تفتیش اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) سی آئی اے صدر کے حوالے کر دی گئی ہے۔

بقیہ 18

لئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی درازی عمر کے لئے خصوصی دعائیں کیں۔اس موقع پر ملک سیف الملوک کھوکھر نے مریم نواز شریف کو سالگرہ پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب صوبے کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہیں۔دوسرے صوبے بھی خواہش کر رہے ہیں کہ انہیں بھی مریم نواز شریف جیسی متحرک وزیراعلیٰ میسر آئیں۔

بقیہ 19

سے خطاب کر رہے تھے۔اجلاس میں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ زید بن مقصود، فوکل پرسن ستھرا پنجاب عاصم محمود، ڈائریکٹر جنرل لوکل گورنمنٹ بینش فاطمہ، ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید اور سیکرٹری بورڈ احمر کیفی نے بھی شرکت کی۔ڈسٹرکٹ ستھرا پنجاب انجینئیر کے ایم ڈیز، ڈپٹی ڈائریکٹرز لوکل گورنمنٹ اور چیف آفیسرز نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ایک ہفتے کے دوران اسسٹنٹ اور ڈپٹی ڈائریکٹرز لوکل گورنمنٹ نے 16ہزار 381دیہات کا دورہ کیا۔اسی طرح ایم ڈیز، بی اوز اور یوسی سیکرٹریز نے 3168یونین کونسلوں کی انسپکشن کی۔

بقیہ 20

کے رہنما منصور عباس نے کہا کہ ان کی کامیابی ایک نئے دور کا آغاز ہوگی۔امریکی صدر نے کہا کہ یقین یا ہو جیت بھی سکتے ہیں اور مقابلہ برابر بھی ہوسکتا ہے، مقابلہ برابر رہنا فتح ہی سمجھی جائے گی۔سینٹرل الیکشن کمیٹی کے مطابق 85فیصد ووٹوں کی گنتی مکمل ہوگئی، مکمل نتائج آنے میں چند دن لگیں گے۔

بقیہ 21

سے مشاورت کے بعد 95فیصد کی رائے سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ریجنل، ضلعی، ٹاؤن اور یونین کونسل تنظیموں سمیت تمام ونگز کے عہدیداران سے آن لائن مشاورت مکمل کی گئی ہے اور 2نومبر سے 6نومبر تک ہر یونین کونسل کے ہر وارڈ میں کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی ہدایت کی گئی ہے۔اجلاس میں بانی کے نظریے اور رہائی تحریک میں صف اول پر رہنے والے کارکنوں کو آگے لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔پی ٹی آئی اسلام آباد کا کہنا ہے کہ عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار کارکنان کو بلدیاتی انتخابات میں امیدوار بنایا جائے گا، حکومت اور الیکشن کمیشن چار مرتبہ شیڈول جاری کرنے کے بعد انتخابات سے بھاگ چکے ہیں، حکومت اور الیکشن کمیشن کو پانچویں مرتبہ بھی میدان سے بھاگنے پر مجبور کریں گے۔پارٹی کا کہنا ہے کہ ناقص بلدیاتی ایکٹ کے باوجود انتخابات میں حکومت کو شکست دیں گے، موجودہ بلدیاتی ایکٹ کے تحت نمائندوں کے پاس گلی محلوں کی صفائی کا اختیار بھی نہیں، بلدیاتی نمائندوں کے اصل اختیارات کرپٹ بیوروکریسی کے پاس ہیں، چیئرمین اور وائس چیئرمین کا براہ راست انتخاب ختم کرنا دھاندلی کا پیش خیمہ ہے۔

بقیہ 22

گیا۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری سے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد جواد طارق اور اے ڈی ڈیولپمنٹ نے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران اسلام آباد پولیس کے جاری ترقیاتی منصوبوں، پولیس انفراسٹرکچر کی بہتری، تعمیراتی کاموں میں پیش رفت اور پولیس افسران و اہلکاروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔آئی جی اسلام آباد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پولیس انفراسٹرکچر کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور پولیس افسران و اہلکاروں کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور ضروری سہولیات کی فراہمی سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی میں معاونت ملتی ہے۔اسلام آباد پولیس میں ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر تکمیل اور سہولیات میں بہتری کے لیے متعلقہ امور کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جائے گا۔

بقیہ 23

ہی قریبی اسٹیشن سے ایمبولینس روانہ کی گئی، جہاں پہنچ کر ریسکیو اہلکاروں نے جائے حادثہ کو محفوظ بنایا اور متاثرین کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ابتدائی اطلاعات کے مطابق سوزوکی وین چوآ سیدن شاہ سے چکوال کی جانب جا رہی تھی جبکہ ٹرک مخالف سمت سے آ رہا تھا۔تصادم کے باعث اللہ یار کی دائیں ٹانگ کی ہڈیوں، ٹبیا اور فبیولا، میں فریکچر ہوا جبکہ محمد حیات کو سر پر شدید چوٹیں آئیں، جن کے باعث وہ جانبر نہ ہوسکے۔ریسکیو اہلکاروں نے زخمی اللہ یار اور جاں بحق محمد حیات کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال منتقل کر دیا۔ریسکیو 1122 نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ دورانِ سفر ٹریفک قوانین کی پابندی، محتاط ڈرائیونگ اور رفتار پر قابو رکھنے کو یقینی بنائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو حادثات سے محفوظ رکھا جاسکے۔

بقیہ 24

50ہزار ٹریکٹر فراہم کیے جا رہے ہیں، جبکہ کسان کارڈ کے ذریعے براہ راست 10لاکھ کسان مستفید ہو رہے ہیں۔وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کسانوں پر اعتماد کیا ہے، جس کا اظہار کسان کارڈ کے تحت سو فیصد ریکوری سے ہوتا ہے۔نوجوانوں کو لیپ ٹاپ اور اسکالرشپس فراہم کیے جا رہے ہیں، جبکہ کسانوں کو ٹریکٹر، سپر سیڈر اور کسان کارڈ کی سہولت دی جا رہی ہے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ یہ مریم نواز کا پنجاب ہے، ایک بدلتا اور ترقی کرتا پنجاب۔اب صوبے میں منصوبے اور ریلیف پیکجز محض فائلوں اور سوشل میڈیا تک محدود نہیں، بلکہ فلاحی منصوبوں اور ریلیف پیکجز کے ثمرات زمینی سطح پر پہنچتے ہوئے نظر آ رہے ہیں۔

بقیہ 25

میں اے کیو آئی 298 ریکارڈ کیا گیا۔بھارتی دارالحکومت نئی دہلی فضائی آلودگی میں دوسرے نمبر پر رہا جہاں اے کیو آئی 255 ریکارڈ ہوا۔لاہور شہر کے مختلف علاقوں میں بھی ایئر کوالٹی انڈیکس 500 تک پہنچ گیا، شاہدرہ، کاہنہ نو، ملتان روڈ، سفاری پارک، جی ٹی روڈ، گلبرگ تھری اور ایجرٹن روڈ کا اے کیو آئی 500 ریکارڈ کیا گیا۔پنجاب کے شہروں کی درجہ بندی میں ڈی جی خان، قصور، ننکانہ صاحب اور راجن پور کا اے کیو آئی 500، لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 403 ریکارڈ کیا گیا۔

بقیہ 26

برطانوی میڈیا کے مطابق بجٹ میں گیس بلوں پر مقررہ یومیہ چارجز 2027 میں ختم کیے جائیں گے، جس سے تقریباً 60فیصد صارفین کو سالانہ اوسطاً 45پاؤنڈ کی بچت ہوسکتی ہے۔اس کے علاوہ انگلینڈ میں کونسل ٹیکس کے مخصوص درجوں میں آنے والے تقریباً 20ملین گھرانوں کو توانائی کے اخراجات کے لیے 100پاؤنڈ فی گھرانہ دیے جائیں گے۔ادائیگیاں جنوری 2027 سے شروع ہوں گی۔وزیر خزانہ نے بجلی کے بلوں پر ٹیکس میں رعایت جون 2027 تک بڑھانے اور ایندھن پر محصول میں کمی بھی برقرار رکھنے کا اعلان کیا۔حکومت کے مطابق مشرقِ وسطیٰ کی جنگ کے باعث توانائی کی قیمتوں میں اضافے نے برطانوی گھرانوں پر دباؤ بڑھا دیا ہے۔

بقیہ 27

ہے، اس لیے انسانی صحت اور عوامی تحفظ کے لیے سخت اقدامات ناگزیر ہیں۔دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ مصنوعی ذہانت کے نظام کی مدد سے بھی آلودگی پھیلانے والی گاڑیوں کو چالان کیے جا رہے ہیں۔سی ٹی او لاہور کے مطابق دھواں چھوڑنے والی 9ہزار 998 گاڑیوں کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے، بغیر ترپال ریت، مٹی اور دیگر آلودگی پھیلانے والا سامان لے جانے والی 6ہزار 745 گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی، جبکہ بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ اور خستہ حال 22ہزار 241 گاڑیوں کو بھی کارروائی کا سامنا کرنا پڑا۔اوور لوڈنگ پر 2لاکھ 33ہزار 476 گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی گئی۔سید عبدالرحیم شیرازی کا کہنا ہے کہ بغیر ترپال مٹی اور ریت لے جانے والی ٹرالیوں اور ڈمپرز کا شہر میں داخلہ بند ہے، خلاف ورزی پر مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔مٹی، ریت اور دیگر معدنیات کی کانوں سے متعلق مقامات پر بھی خصوصی کریک ڈاؤن جاری ہے۔ٹریکٹر ٹرالیوں کو ترپال، پانی کے چھڑکاؤ اور دیگر حفاظتی اقدامات کے بغیر چلنے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔سی ٹی او لاہور نے مزید کہا کہ انتہائی خطرناک حد تک دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لائسنس معطل کیے جائیں گے، جبکہ کمرشل گاڑیوں کے روٹ پرمٹ بھی معطل ہوں گے۔تمام ڈی ایس پیز کو شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر خصوصی کارروائیوں کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ سموگ پھیلانے والی گاڑیوں کی درستگی کے لیے متعدد سرکاری اور نیم سرکاری اداروں کو مراسلے بھی ارسال کیے گئے ہیں۔

بقیہ 28

نہ جانے کا بتایا۔پاکستان ریلوے حکام کے مطابق پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس سندھ کے شہر جیکب آباد تک محدود رہی۔ریلوے حکام کے مطابق ٹرین آپریشن ضروری مرمتی کام کے باعث ایک روز کے لیے معطل کیا گیا ہے۔

بقیہ 29

پولیو ٹیموں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے سیکورٹی کے سخت ترین انتظامات کی ہدایت کی اور پولیس سمیت تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فیلڈ اسٹاف کو بھرپور سیکورٹی فراہم کرنے کا حکم دیا۔انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کی صد فیصد ویکسینیشن کو یقینی بنایا جائے گا اور اس قومی مہم میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔بعدازاں ڈپٹی کمشنر مری ظہیر عباس شیرازی نے ٹی ایچ کیو ہسپتال مری میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کے حوالے سے آگاہی دی۔اس موقع پر انہوں نے پولیو کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیا اور متعلقہ افسران و پولیو ٹیموں کو ہدایات جاری کیں کہ ہر بچے تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پہنچانا یقینی بنایا جائے۔انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح 2نومبر 2026ء کو کیا جائے گا۔ضلعی انتظامیہ مری پولیو کے مکمل خاتمے اور بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 30

پاس رہنے سے یہ ذمے داری ختم نہیں ہوتی، والد کی محدود آمدن کا دعویٰ محض بیان کی بنیاد پر تسلیم نہیں کیا جاسکتا، والد کو اپنی مالی استطاعت محدود ہونے کے دعوے کے دستاویزی شہادت فراہم کرنا ہوگی، بچوں کے خرچ کے تعین ان کی ضروریات اور والد کی مالی استطاعت کو مدنظر رکھ کر کیا جائے۔عدالت نے کہا کہ والد نے برطانیہ میں ماہانہ آمدن 500 سے 600پاؤنڈ ہونے کا موقف اختیار کیا، درخواست گزار کے مطابق بچوں کا والد برطانوی شہری ہے، زیادہ خرچہ دینے کی استطاعت رکھتا ہے، برطانیہ میں رہائش بذات خود کسی شخص کی حقیقی آمدن ثابت نہیں کرتی، والد کی آمدن کا تعین کرتے وقت اس کے کام کی نوعیت، ملازمت اور دستیاب شواہد کا جائزہ لینا ضروری ہے، بچوں کی تعلیم، پرورش اور ضروریات کو ماہانہ خرچے کے تعین میں مدنظر رکھنا ضروری ہے۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ سپریم کورٹ نے بھی قرار دیا کہ بچوں کی کفالت کی ذمہ داری شادی ختم ہونے کے بعد بھی برقرار رہتی ہے، والد کا محدود آمدن کا دعویٰ تنخواہ کی سلپ جیسے دستاویز سے ثابت ہونا چاہیے، عدالت نے ٹرائل کورٹ کو بقایاجات کا حساب سالانہ اضافے کے حکم کے مطابق کرنے کی ہدایت کردی، ہائیکورٹ نے والدہ کے حق میں 15ہزار ماہانہ خرچے کا سابقہ فیصلہ برقرار رکھا، خرچہ عدت کی مدت تک ہوگا، عدالت نے جہیز کے سامان کی متبادل قیمت 2لاکھ 80ہزار روپے برقرار رکھنے کا حکم دیدیا۔

بقیہ 31

نے 2خواتین کو اپنے ہمراہ لے جاتے ہوئے ناکہ بندی کی کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا، تاہم اس دوران فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشتگرد ہلاک ہوگیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے کلیئرنس آپریشن جاری ہیں، بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 32

کی۔سماعت کے دوران جسٹس حسن اظہر رضوی نے قومی ایئرلائن کی جانب سے ریٹائرڈ ملازمین کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر اہم ریمارکس دیے۔انہوں نے پی آئی اے کے وکیل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ اپنے پرانے ملازمین کی خدمات کا پاس رکھے۔انہوں نے کہا کہ ان ملازمین نے اپنے گولڈن وقت میں قومی ایئرلائن کو اپنی خدمات پیش کی ہیں، اس لیے ادارہ اپنے سابق ملازمین کو یوں دھتکار نہ رکھے۔فاضل جج نے واضح کیا کہ اس معاملے کو تکنیکی نکات کے بجائے صرف اور صرف انسانی ہمدردی کی بنیاد پر دیکھا جانا چاہیے۔حکام اور وکیل سے مکالمے کے دوران عدالت نے میڈیکل سہولت کے ناجائز استعمال کی جانب بھی اشارہ کیا، جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ماضی میں طبی سہولیات کے بے جا اور غلط استعمال نے اداروں کو شدید نقصان پہنچایا اور تباہ کیا، انہوں نے ایک تلخ مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں تو میڈیکل کے نام پر پرفیوم تک خریدے جاتے رہے ہیں۔انہوں نے پی آئی اے کے وکیل سے کہا کہ جو لوگ فراڈ میں ملوث ہیں یا سہولت کا غلط فائدہ اٹھاتے ہیں، ان کے خلاف بے شک سخت ترین کارروائی کی جائے، لیکن اس کی آڑ میں ان جائز ملازمین کا حق نہ مارا جائے جنہوں نے پوری زندگی ادارے کی خدمت کی ہے۔دوران سماعت پی آئی اے کے وکیل نے عدالت کو آگاہ کیا کہ انتظامیہ نے طبی سہولیات کے نظام کو اب پہلے سے زیادہ منظم اور شفاف بنا دیا ہے۔وکیل نے بتایا کہ پہلے ریٹائرڈ ملازمین کے لیے ڈھائی لاکھ روپے سالانہ کی طبی سہولت میسر تھی، جسے اب بڑھا کر 5لاکھ روپے سالانہ کر دیا گیا ہے۔عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد پی آئی اے انتظامیہ کو ریٹائرڈ ملازمین کے میڈیکل الاؤنس پر اپنا باضابطہ جواب جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ 33

مجموعی مقدار کا درست اندازہ لگانا تھا جبکہ اس بات کو بھی یقینی بنانا تھا کہ ملک بھر میں مقامی استعمال کے لیے چینی کے وافر ذخائر دستیاب رہیں۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے مقامی صارفین کے تحفظ کے حوالے سے وزیراعظم کی ہدایات پر زور دیا۔انہوں نے واضح کیا کہ چینی کی برآمدات میں سہولت فراہم کرنے کا مقصد مقامی کسانوں کی معاونت، چینی کی صنعت کو مضبوط بنانا اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ کرنا ہے تاہم ملکی منڈیوں میں قیمتوں کا استحکام برقرار رکھنا اولین ترجیح ہے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ چینی کی برآمد کے عمل کے دوران سپلائی چین کو ہموار رکھنے اور مارکیٹ میں کسی بھی قسم کے بگاڑ کو روکنے کے لیے مؤثر نگرانی کا نظام نافذ کیا جائے۔اجلاس میں وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق و موسمیاتی تبدیلی، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، سیکرٹری تجارت، پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن (پی ایس ایم اے) اور ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کے نمائندوں سمیت متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 34

گئے ہیں۔ذرائع کے مطابق ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل کو سولر کنکشنز کے کیسز کی جانچ پڑتال اور منظوری کے اختیارات دے دیے گئے ہیں نئی ہدایات کے تحت 25 کلوواٹ تک کے ان کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری متعلقہ سرکلز سے حاصل کی جا سکے گی، جن کے کیسز مقررہ پالیسی کے تحت آتے ہیں۔نیٹ میٹرنگ پالیسی کے تحت 8فروری تک جمع ہونے والے ڈیمانڈ نوٹسز پر بلنگ کی منظوری دی جائے گی، تاہم صارفین کے لیے لیسکو کے ساتھ 8 فروری سے قبل معاہدہ ہونا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔وزارت پاور ڈویژن نے بھی 8فروری تک جمع ہونے والی درخواستوں کے لیے نیٹ میٹرنگ کی منظوری دی تھی۔دوسری جانب لیسکو میں 25 کلوواٹ تک کے متعدد سولر کنکشنز کی بلنگ تاحال التوا کا شکار ہے، جس کے باعث صارفین نیٹ میٹرنگ کے بجائے قومی ٹیرف کے مطابق بجلی کے بل ادا کرنے پر مجبور ہیں بلنگ میں تاخیر سے سولر صارفین کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ 35

کہا کہ جن اضلاع میں حلقہ بندیاں ہوئیں وہاں بلدیاتی انتخابات ہوں گے، حکمنامہ میں کہا گیا ہے کہ 12قبائلی اضلاع میں حد بندی اور بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے۔

بقیہ 36

متاثر ہونے کے ساتھ تعفن اور بیماریوں کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں۔ایک جانب کینٹونمنٹ بورڈ نے 20اکتوبر سے خصوصی صفائی مہم شروع کر رکھی ہے، تو دوسری جانب ان آبادیوں میں صفائی کے مؤثر اور مستقل انتظامات شہریوں کی توجہ کا مرکز ہیں۔اس صورتحال میں صفائی عملے کی عملی کارکردگی، متعلقہ شعبے کی نگرانی اور شکایات پر بروقت کارروائی کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔شہریوں نے کینٹونمنٹ بورڈ کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ چمن آباد، محلہ حاجیاں اور ملحقہ علاقوں میں صفائی کی صورتحال کا فوری جائزہ لے کر گندگی اٹھانے، نالیوں کی صفائی اور باقاعدہ صفائی کے نظام کو یقینی بنایا جائے، تاکہ جاری مہم کے ثمرات ان علاقوں کے مکینوں تک بھی پہنچ سکیں۔

بقیہ 37

میں ناکام دکھائی دے رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ہمیشہ اداروں کا ساتھ دیا ہے، گورنر خیبر پختونخوا کی ترجیحات بدل رہی ہیں۔دہشت گردی کے بجائے انکا تجاوزات کے خلاف آپریشن پر فوکس ہے۔

بقیہ 39

کیے۔ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تھانوں میں شہریوں کے لئے بہترین سروس ڈیلیوری کو ہمہ وقت یقینی بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور ان کو سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 40

32 کریکر ڈبیاں، 12 انار اور دیگر سامان آتش بازی برآمد ہوا، گنجمنڈی پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کر لیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 41

دیں اور بعد ازاں بھی مبینہ طور پر متعدد مرتبہ زیادتی کا ارتکاب کیا، جس کی آخری واردات تقریباً دس روز قبل بتائی گئی ہے۔درخواست کے مطابق بچی کی طبیعت خراب ہونے، چکر آنے، الٹیاں لگنے اور ماہواری نہ آنے پر معاملہ سامنے آیا، جس کے بعد چچا نے قانونی کارروائی کے لیے پولیس سے رجوع کیا۔مدعی نے درخواست میں ملزم کو درندہ صفت انسان قرار دیتے ہوئے اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی اور بچی کا طبی معائنہ کروانے کی استدعا کی۔پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے، جبکہ الزامات کی حتمی تصدیق تفتیش اور قانونی کارروائی کے بعد ہوگی۔

بقیہ 42

جاری کیے۔ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔شہری بلاکسی سفارش براہ راست کھلی کچہری میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں۔شہریوں کی سہولت اور شکایات کے بروقت ازالے کے لیے ڈی آئی جی آفس میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو مؤثر ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 43

ٹیچنگ اداروں سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے اختیارات اور مراعات سے متعلق قوانین کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔خیبرپختونخوا پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ 2025 بھی نظرثانی کے لیے زیرغور ہے، پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ ترامیم یا اسے واپس لینے کے امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔پراسیکیوشن سروس ترمیمی ایکٹ میں ممکنہ تبدیلیوں کے اثرات 9 مئی 2023 کے مقدمات کے تناظر میں بھی زیر بحث ہے، کمیٹی کی سفارشات کے بعد قوانین میں ترمیم یا انہیں واپس لینے کا حتمی فیصلہ مجاز اتھارٹی کرے گی۔

بقیہ 44

سکول حادثے کی انکوائری رپورٹ پیش کر دی۔گورنر فیصل کریم کنڈی کو حادثے کی وجوہات، متعلقہ افسران کے بیانات، محکموں کی ذمہ داریوں، انکوائری کمیٹی کے نتائج اور سفارشات پر بریفنگ دی گئی۔انکوائری رپورٹ میں سکول کی عمارت کی تعمیر میں ناقص میٹریل کے استعمال پر سکول مالک کو ذمہ دار قرار دیا گیا۔انکوائری رپورٹ میں متعلقہ محکموں کی جانب سے غفلت برتنے کے حوالے سے بھی گورنر فیصل کریم کنڈی کو آگاہ کیا گیا۔گورنر فیصل کریم کنڈی نے ہدایت کی کہ انکوائری رپورٹ کے قانونی پہلوؤں کا جائزہ لینے کیلئے محکمہ قانون سے مشاورت کی جائے۔گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ہدایت کی کہ ڈیرہ کالونی سکول حادثے کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 45

رابطہ کاری اور معلومات کے تبادلے کے حوالے سے ایک مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں شکایات کے مؤثر ازالے کے لیے مشترکہ ڈیجیٹل نظام کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ثمر ہارون بلور نے بتایا کہ مجوزہ پورٹل کے ذریعے شکایات کے حل میں تاخیر اور مختلف اداروں کی جانب سے ایک ہی نوعیت کی کوششوں میں تکرار کو کم کرنے میں مدد ملے گی، اس مقصد کے لیے موجودہ اداروں کو مشترکہ ڈیجیٹل نظام سے منسلک کیا جائے گا اور کوئی نیا متوازی ادارہ قائم نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ تمام متعلقہ ادارے اپنے قانونی دائرہ اختیار میں رہتے ہوئے کام جاری رکھیں گے، محکمہ سماجی بہبود، پولیس، محتسبین اور انسانی حقوق سے متعلق دیگر اداروں کو بھی اس نظام کا حصہ بنایا جائے گا۔مشیر اطلاعات نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انسانی حقوق سے متعلق شکایات کو مناسب اداروں تک پہنچانے کے مؤثر طریقہ کار اور معلومات کے محفوظ تبادلے کے لیے اقدامات تیز کیے جائیں، انہوں نے ضلعی سطح پر انسانی حقوق کے تحفظ اور ادارہ جاتی رابطہ کاری کو مؤثر بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔مجوزہ طریقہ کار کے تحت ہر ضلع میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (اے ڈی سی) انسانی حقوق سے متعلق امور اور شکایات کو متعلقہ اداروں کے پاس ریفر کرے گا، جبکہ ڈسٹرکٹ پولیس افسرز (ڈی پی اوز) کے دفاتر میں انسانی حقوق سے متعلق ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کی تجویز بھی زیرِ غور ہے۔ثمر ہارون بلور نے کہا کہ یہ منصوبہ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) کے تعاون اور یورپی یونین کے فنڈڈ پروگرام حقوق پاکستان کے تحت آگے بڑھایا جائے گا، منصوبے پر عمل درآمد سے صوبائی وسائل پر اضافی مالی بوجھ نہیں پڑے گا۔مشیر اطلاعات نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایک ماہ کے اندر مشترکہ ڈیجیٹل پورٹل کی پیش رفت اور اس پر عمل درآمد کے لیے کیے گئے اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ پیش کی جائے۔

بقیہ 46

اداروں کی ترجیحات کیا ہیں اور دفتر کے قریب رہنے والی اس بڑی آبادی کو صاف پانی جیسی بنیادی سہولت کب فراہم کی جائے گی؟ اہل محلہ نے ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات گوندل اور اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ محمد اقبال سے مطالبہ کیا ہے کہ صورت حال کا فوری نوٹس لے کر محلہ فاروقیہ میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ شہریوں کو صاف اور محفوظ پانی میسر آ سکے اور انہیں انسانوں اور جانوروں کے لیے مشترکہ طور پر استعمال ہونے والے پانی سے نجات مل سکے۔

بقیہ 47

لیا جائے، پاکستان کی شرح آبادی میں اضافہ جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہے۔شیری رحمان نے کہا کہ تیزی سے بڑھتی آبادی خوراک، پانی، تعلیم اور صحت کی سہولیات پر شدید دباؤ ڈال رہی ہے، پاکستان میں پانچ سال سے کم عمر 40فیصد بچے غذائی قلت کے باعث نشوونما میں رکاوٹ کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ نہ ہونے سے ماں کی صحت اور زندگی کو خطرات لاحق ہیں، وفاقی و صوبائی حکومتوں، پارلیمان، میڈیا، علما اور کمیونٹی رہنماؤں کو آبادی کے مسئلے پر مشترکہ قومی حکمت عملی اپنانا ہوگی۔

بقیہ 48

بندیوں، توپ خانے کے ٹھکانوں اور نقل و حرکت و رسد کیلئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔ترجمان نے بتایا ہے کہ ان وسیع فوجی کارروائیوں میں مجموعی طور پر 117 گاڑیاں اور مختلف قسم کا فوجی ساز و سامان بھی تباہ یا مکمل طور پر ناکارہ بنا دیا گیا ہے۔

بقیہ 49

انہوں نے کہا کہ مبینہ جعلی بلوں، کوٹیشن کے ذریعے منصوبوں، مشکوک ادائیگیوں، بورڈ ٹیکس کی وصولیوں اور پانی کے بلوں کی جعلی رسیدوں کے الزامات کی تہہ تک پہنچنا ضروری ہے، ہر منصوبے کی موقع پر تصدیق اور سرکاری ریکارڈ کی چھان بین کی جائے تاکہ حقائق سامنے آ سکیں۔لیگی رہنماؤں نے مبینہ غیر قانونی کمرشل تعمیرات، نقشوں کی منظوری کے بغیر پلازوں کی تعمیر، وصول شدہ رقوم کے سرکاری خزانے میں جمع ہونے، پارکس اسکیم، ٹیوب ویلز کے بجلی بلوں، مرمتی کاموں اور من پسند ٹھیکیداروں کو ٹھیکے دینے کے معاملات کی تحقیقات کا بھی مطالبہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ پہلے سے تعمیر شدہ منصوبوں پر دوبارہ ٹینڈرز، چودہ اگست اور دیگر سرکاری تقریبات کے اخراجات اور پرانے ماسٹر پلان کی تجدید میں مبینہ غفلت کا حساب بھی لیا جائے۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب شہری پانی جیسی بنیادی سہولت کے لیے پریشان ہیں تو بلدیہ کے مالی معاملات پر اٹھنے والے سوالات کا جواب کون دے گا؟ رہنماؤں نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ مکمل ریکارڈ کی جانچ، ممکنہ سرکاری نقصان کے تعین، ذمہ داروں سے ریکوری اور بے ضابطگیاں ثابت ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 50

سنا دی۔اطلاعات کے مطابق ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف سڑکوں سے بیریئرز ہٹانے اور سرکاری امور میں مداخلت کے الزامات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے تین مختلف دفعات کے تحت یہ سزائیں دی ہیں، جب کہ عدالتی فیصلے میں دونوں وکلاء رہنماؤں پر جرمانے بھی عائد کیے گئے ہیں۔بتایا گیا ہے کہ جیل ٹرائل کے دوران میڈیا اور عام افراد کو اندر جانے کی اجازت نہیں دی گئی تھی، جس پر قانونی حلقوں اور فریقین کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا جاتا رہا ہے، قانونی ماہرین اور کورٹ رپورٹرز کا مؤقف ہے کہ اس جیل ٹرائل کے دوران ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے وکلاء کی جانب سے اے ٹی سی کے مختلف فیصلوں کو اسلام آباد ہائیکورٹ اور بعدازاں سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا۔معلوم ہوا ہے کہ دفاعی وکلاء کی طرف سے آئین کے آرٹیکل 10 A کے تحت شفاف ٹرائل کے بنیادی آئینی حق کا مطالبہ کیا گیا تھا تاکہ عدالتی کارروائی کو منصفانہ بنایا جا سکے، تاہم قانونی چارہ جوئی کے باوجود اسلام آباد ہائی کورٹ کی جانب سے کارروائی پر کوئی حکم امتناعی جاری نہیں کیا گیا، سپریم کورٹ میں بھی متعلقہ اپیلیں بروقت سماعت کیلئے مقرر نہیں ہو سکیں، اے ٹی سی کے فیصلے کے بعد شفاف ٹرائل کے حق کیلئے دائر تمام اپیلیں اب غیر مؤثر ہو گئیں۔

بقیہ 51

دیگر امور پر تربیت دی گئی۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ افراد کے ساتھ پولیس افسران کا رویہ انتہائی ہمدردانہ اور منصفانہ ہونا چاہیے۔متاثرین کے وقار کو برقرار رکھتے ہوئے تفتیش مکمل کریں تاکہ مجرمان کیفر کردار تک پہنچ سکیں۔پولیس کالج سہالہ میں مختلف محکموں کے افسران کی پیشہ ورانہ تربیت کی جاتی ہے جو ادارے کا اعزاز ہے۔پاسنگ آؤٹ ہونے والے افسران محکمہ کی پہچان ہوتے ہیں۔کورس کے اختتام پر کامیاب افسران میں تعریفی اسناد اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 52

شروع کر دیں۔

بقیہ 53

لیے۔منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 54

نے کہا کہ حکومتی کرپشن روکنے کیلئے کمیٹی بنانے کا مطالبہ کیا تھا، اب کوئی نیا نہیں آئے گا، ہم ہی سب ہیں۔اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ماضی کو بھول جائیں، نہ آپ اتنے اچھے ہیں نہ ہم اتنے برے ہیں، مل کر بیٹھیں۔

بقیہ 55

اپریل 2025ء میں گرفتار کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی مؤثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 56

عدالت کیا جائے گا، خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں۔

خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے: چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے عمران خان کی بہنوں کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے۔پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ نورین نیازی بی بی کی طبیعت خراب ہونے پر تشویش ہے، انہیں فی الفور رہا کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کی دونوں بہنوں کو بھی رہا کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ غیر سیاسی خواتین کو قید کرنا ہماری روایات نہیں، خواتین کی گرفتاری سے تلخی اور تناؤ بڑھ رہا ہے۔چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ لانگ مارچ کرنا کوئی جرم نہیں، پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی کو سنجیدہ مشاورت کی ضرورت ہے۔

پی ایم ڈی سی کے مقررہ تجربہ کے برعکس بھرتیوں کا معیار غیر قانونی قرار

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائیکورٹ نے پی ایم ڈی سی کے مقررہ تجربہ کے برعکس بھرتیوں کے معیار کو غیر قانونی قرار دے دیا۔عدالت نے اسسٹنٹ پروفیسر نیوروسرجری کی بھرتیوں کے متنازع اشتہار کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ جاری کر دیا، جسٹس شیریں عمران نے ڈاکٹر سید شاہ رخ حسن رضوی سمیت 11 درخواست گزاروں کی درخواست پر فیصلہ جاری کیا۔عدالتی فیصلے کے مطابق اسسٹنٹ پروفیسر نیوروسرجری کی بھرتیوں کا عمل پی ایم ڈی سی ضوابط کے مطابق مکمل کیا جائے، پنجاب حکومت کے سروس رولز وفاقی قانون کے تحت مقررہ کم از کم پیشہ ورانہ معیار ختم نہیں کر سکتے، اسسٹنٹ پروفیسر نیوروسرجری کے لیے متعلقہ شعبے میں دو سالہ کلینیکل تجربہ اور دو تحقیقی مقالے لازمی ہیں۔فیصلے میں کہا گیا کہ درخواست گزاروں کے وکیل کے مطابق محکمہ صحت نے 22 اکتوبر 2025 کو 8 آسامیوں پر ابتدائی بھرتی کے لیے اشتہار دیا، پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے 27 فروری 2025 کو نئے ضوابط جاری کیے۔ہائیکورٹ کے فیصلے کے مطابق پی ایم ڈی سی کے ضوابط کو پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل ایکٹ 2022 کے تحت قانونی حیثیت حاصل ہے، اشتہار میں ایسے امیدواروں کو بھی بھرتی کے لیے اہل قرار دیا گیا ہے جن کے پاس مطلوبہ تجربہ نہیں، متنازع اشتہار کو غیر قانونی قرار دے کر کالعدم قرار دیا جاتا ہے۔عدالتی فیصلے میں لکھا ہے کہ اسسٹنٹ پروفیسر نیوروسرجری سمیت تدریسی عہدوں پر تقرری کے لیے قابلیت اور تجربے کا تعین کیا گیا ہے، 8 نیوروسرجن بھرتی اشتہار میں مقرر کردہ معیار پی ایم ڈی سی کے 2025ء کے ضوابط سے مطابقت نہیں رکھتا، اسسٹنٹ پروفیسر نیوروسرجری کی بھرتیوں کے لیے پی ایم ڈی سی کے ضوابط 2025 کے مطابق اہلیت مقرر کی جائے۔

ڈی سی آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ''پولیو ریڈینس'' اجلاس

2 نومبر سے شروع ہونے والی مہم کے انتظامات کا جائزہ، فیلڈ سٹاف کو فول پروف سکیورٹی فراہم کرنے کی ہدایت

ڈی سی نے ای ایچ کیو ہسپتال میں بچوں کو قطرے پلا کر آگاہی دی، والدین سے اپنے بچوں کو قطرے پلوانے کی اپیل

مری (این این آئی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت 2 نومبر 2026ء سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے اہم ''پولیو ریڈینس'' کا اجلاس 29 اکتوبر 2026ء بروز جمعرات ڈی سی آفس میں منعقد ہوا۔ جس کے بعد بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ... (بقیہ نمبر 29)

چوآسیدن شاہ کا محلہ فاروقیہ پینے کے صاف پانی کو ترس گیا

انسان اور جانور ایک ہی مضر صحت پانی پینے پر مجبور، بیماریاں پھیلنے کا خدشہ، واٹر فلٹریشن پلانٹ کی فراہمی یقینی بنائی جائے

اہل محلہ کا ڈی سی چکوال اور اے سی چوآسیدن شاہ سے صورتحال کا نوٹس لینے اور ہنگامی بنیادوں پر فلٹریشن پلانٹ نصب کرنے کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (نامہ نگار) چوآسیدن شاہ میونسپل کمیٹی کی حدود میں واقع محلہ فاروقیہ ... (بقیہ نمبر 46)

وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب پاکستان میں مملکت سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات

چیئرمین پی ایم وائی پی (PMYP)، رانا مشہود احمد خان نے سی اے سی آئی ای (CACIE) 2026 میں 'بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو انٹرنیشنل انڈسٹریل-ایجوکیشنل کوآپریشن فورم' میں شرکت کی

راولپنڈی، ذاتی تنازعہ پر شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو موت کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث ذاتی تنازعہ پر شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو موت کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ذاتی تنازعہ پر شہری کو قتل کرنے والے مجرم کو معزز عدالت نے موت کی سزا سنادی، مجرم محمد جون کو 10 لاکھ روپے ہرجانے کی بھی سزا سنائی گئی، واقعہ کا مقدمہ جنوری 2022ء تھانہ چکلالہ میں درج کیا گیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، سنگین مقدمہ میں مجرم کو قرار واقعی سزا ملنا حق و انصاف کی فتح ہے۔

آبادی میں تیز رفتار اضافے سے نمٹنے کیلئے قرارداد منظور

کم عمر 40 فیصد بچے غذائی قلت کے باعث نشوونما میں رکاوٹ کا شکار ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں آبادی میں تیز رفتار اضافے سے نمٹنے کے لیے قرارداد منظور کرلی گئی۔ قرارداد پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آبادی 2050 تک 39 کروڑ تک پہنچنے کا خدشہ ہے، فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آبادی کے اس بحران سے نمٹنے کے لیے ایکشن (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی، 4 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس 4 ملزمان گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ کینٹ، ٹیکسلا اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

24 گھنٹوں میں یمنی فوج کی 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں

جن میں 239 حوثی کمانڈروں اور جنگجوؤں کو ہلاک یا زخمی کر دیا گیا ہے

صنعا: (اے ایف پی) یمنی حکومت کی مسلح افواج کا کہنا ہے کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف جاری آپریشن 'فجرِ الیمن' کے تحت گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کی عسکری صلاحیتوں کے خلاف 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں کی ہیں جن میں 239 حوثی کمانڈروں اور جنگجوؤں کو ہلاک یا زخمی کر دیا گیا ہے۔ مسلح افواج کے ترجمان کرنل ماجد النزیلی نے بیان میں بتایا کہ ان کارروائیوں کے دوران حوثیوں کے فیلڈ کمانڈ سینٹرز، قلعہ (بقیہ نمبر 48)

راولپنڈی، ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی سکیورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا ... (بقیہ نمبر 39)

آتش بازی کا سامان فروخت کرنیوالے 2 افراد گرفتار

500 سوتر گولے، 16 شوٹر باکس، 60 ہوائیاں، 32 کریکر ڈبیاں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ... آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے 2 افراد گرفتار کرکے 500 سوتر گولے، 16 شوٹر باکس، 60 ہوائیاں، 32 کریکر ڈبیاں ... (بقیہ نمبر 40)

رائے ونڈ: ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز، اے سی رائے ونڈ بابر علی رائے عالمی اجتماع انتظامات کے حوالے سے جائزہ لے رہے ہیں

منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث منشیات سپلائر کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنادی، مجرم حارث کو 9 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 3 کلو 300 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ رتہ امرال پولیس نے (بقیہ نمبر 55)

کمسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 30 ہزار روپے فی بچہ کردیا گیا

جسٹس محسن اختر کیانی نے خاتون کی درخواست پر فیصلہ جاری کردیا

لاہور (آئی آئی پی) لاہور ہائیکورٹ نے کمسن بچوں کا ماہانہ خرچہ 20 ہزار سے بڑھا کر 30 ہزار روپے فی بچہ کردیا، جسٹس محسن اختر کیانی نے خاتون کی درخواست پر فیصلہ جاری کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ بچوں کے خرچے میں سالانہ 10 فیصد اضافہ 2019 سے شمار کیا جائے، بچوں کی کفالت کی ذمے داری والد پر ہے، بچوں کے والدہ کے (بقیہ نمبر 30)

لاہور: سپریم کورٹ بار کے سالانہ انتخابات کے موقع پر خواتین وکلاء سیلفی لیتے ہوئے

راولپنڈی، ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) آرائے بازار پولیس نے ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق آرائے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈینگی ٹیم سے مزاحمت کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، متن مقدمہ کے مطابق ملزم نے ڈینگی ورکرز کو دھمکیاں دیں اور مزاحمت کی، آرائے بازار پولیس نے مقدمہ درج کر کے گرفتار کرلیا، ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

سکیورٹی فورسز کا آپریشن، فائرنگ کے تبادلے میں ایک دہشتگرد ہلاک

فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

کوئٹہ (اے ایف پی) سکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے ضلع کیچ کے علاقے بیناز میں انٹیلی جنس بیس آپریشن کر کے فتنہ الہندوستان کے ایک دہشتگرد کو جہنم واصل کردیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بولیدہ کے علاقے بیناز میں دہشتگردوں (بقیہ نمبر 31)

پرانے ملازمین قومی ایئرلائن کا سرمایہ ہیں، ادارہ انہیں دھتکار کر نہ رکھے

جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں قائم وفاقی آئینی عدالت کے 2 رکنی بینچ نے کی

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی آئینی عدالت نے پی آئی اے کے ریٹائرڈ ملازمین کی طبی سہولیات سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے قومی ایئرلائن انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس معاملے پر اپنا جامع جواب عدالت میں پیش کرے۔ کیس کی سماعت جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں قائم وفاقی آئینی عدالت کے 2 رکنی بینچ نے (بقیہ نمبر 32)

پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں، آپ پارلیمنٹ کو مضبوط بنائیں، محمود اچکزئی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں، آپ پارلیمنٹ کو مضبوط بنائیں، سارے آپ کو ووٹ دیں گے۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں، آپ پارلیمنٹ کو مضبوط بنائیں، سارے آپ کو ووٹ دیں گے۔ محمود اچکزئی (بقیہ نمبر 54)

لیگی رہنماؤں کا بلدیہ گوجرخان کیخلاف اینٹی کرپشن تحقیقات کا مطالبہ

جعلی بلوں، مشکوک ادائیگیوں اور ٹیکس وصولیوں کی چھان بین، پانچ سالہ آڈٹ پر زور

چودہ اگست کے اخراجات، دوبارہ ٹینڈرز اور من پسند ٹھیکوں کی تحقیقات، سرکاری نقصان کی ریکوری کا مطالبہ

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم و دیگر سینئر افسران کا ڈیفنس ڈے سپورٹس گالا میں گولڈ میڈل جیتنے والی پاکستان پولیس والی بال ٹیم کے کھلاڑیوں اور آفیشلز کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

گوجرخان (قمر شہزاد) سابق رکن قومی اسمبلی و وفاقی پارلیمانی سیکرٹری راجہ محمد جاوید اخلاص، حلقہ پی پی 9 کے سینئر رہنما راجہ حمید ایڈووکیٹ اور صدر مسلم لیگ ن گوجرخان سید ندیم عباس شاہ نے بلدیہ گوجرخان کے ایک سالہ آڈٹ میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کو محض کاغذی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے اینٹی کرپشن کے ذریعے غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور گزشتہ کم از کم پانچ سال کا مکمل آڈٹ کیا جائے۔ (بقیہ نمبر 49)

گوجرخان 14 سالہ بچی سے مبینہ زیادتی، مقدمہ درج

شادی شدہ ملزم پر دھمکیاں دے کر متعدد بار زیادتی کا الزام، میڈیکل مکمل

حبیب کنیال میں افسوسناک واقعہ، مقدمہ درج، پولیس کی تفتیش شروع

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کی حدود حبیب کنیال میں 14 سالہ نابالغ بچی سے مبینہ زیادتی کے سنگین الزام پر پولیس نے مقدمہ نمبر 919/26 زیر دفعہ 376(iii) تعزیرات پاکستان درج کرلیا، جبکہ متاثرہ بچی کا میڈیکل بھی کروالیا گیا ہے۔ مدعی مقدمہ غلام عباس ولد زمان، سکنہ کمالیہ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ، حال مقیم حبیب کنیال، نے پولیس کو درخواست میں مؤقف اختیار کیا کہ اس کی بھتیجی دو سے ڈھائی ماہ قبل اس کے پاس رہنے آئی تھی، جہاں مبینہ طور پر قریبی جھونپڑی میں رہائش پذیر 28 سالہ شادی شدہ ملزم محمد فیاض نے گھر میں کسی کی عدم موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کے ساتھ زبردستی زیادتی کی۔ مدعی کے مطابق ملزم نے بچی کو کسی کو بتانے کی صورت میں قتل کرکے حویلی میں دفن کرنے کی دھمکیاں (بقیہ نمبر 41)

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات (بقیہ نمبر 42)

پاکستان کسٹمز کے رکن (سی-آپریشنز) سید شکیل شاہ اور ارمچی کسٹمز کے ڈپٹی ہیڈ و تاشقرغان کسٹمز کے ڈائریکٹر لی چنگ ہوا نے پاکستان اور چین کے درمیان سوست-خنجراب بارڈر کے لیے 'گرین چینل' معاہدے پر دستخط کیے

ایمان مزاری اور ہادی علی کو 10، 10 سال قید کی سزا

انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے فیصلہ سنایا

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے بیریئر ہٹانے اور کار سرکار میں مداخلت کے مقدمے میں نامور وکیل و انسانی حقوق کی کارکن ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کو جیل ٹرائل کے بعد دس دس سال قید کی سزا (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری جنوری 2026 سے پولیس کو مطلوب تھا، تھانہ بنی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے اشتہاری کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

نارووال: ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں عملہ آگ بجھانے کی فرضی مشق کر رہا ہے

مسافر بس سیم نالے میں گر گئی، 5 افراد جاں بحق، 40 زخمی

بس میں 65 کے قریب مسافر سوار تھے، بعض مسافر تاحال لاپتہ

سکھیکی: (اے ایف پی) حافظ آباد کے قریب سکھیکی فلائی اوور پر مسافر بس سیم نالے میں گرنے سے 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مسافر بس لاہور سے چنیوٹ جا رہی تھی کہ سکھیکی میں حادثہ پیش آیا، حادثے میں 5 افراد جاں سے چلے گئے جبکہ 40 زخمی ہوئے ہیں، بس میں 65 کے قریب مسافر سوار تھے۔ ذرائع کے مطابق حادثہ بس ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو ٹیموں نے جائے حادثہ پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں (بقیہ نمبر 52)

لاہور: رکشہ یونین کے زیر اہتمام ڈرائیورز مہنگائی کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

راولپنڈی، 4 منشیات سپلائر گرفتار، 6 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 منشیات سپلائر گرفتار کرکے 6 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے 2 منشیات سپلائرز کو حراست میں لے کر 2 کلو 760 گرام چرس برآمد کی، کلر سیداں پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 700 گرام چرس برآمد کی، نیو ٹاؤن پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 660 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر (بقیہ نمبر 53)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت اجلاس، فاضل چینی کی برآمد سے متعلق پالیسی رہنما اصول حتمی شکل اختیار کر گئے

قیمتوں کے استحکام اور وافر ذخائر کی دستیابی اولین ترجیح قرار

مارکیٹ میں سپلائی چین ہموار رکھنے اور کسی بھی بگاڑ سے بچنے کے لیے موثر نگرانی کا نظام نافذ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (اے پی پی): نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت فاضل چینی کی برآمد سے متعلق کابینہ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں چینی کی برآمد کے لیے پالیسی رہنما اصولوں کو حتمی شکل دی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق کمیٹی نے آئندہ کرشنگ سیزن تک چینی کے حتمی ذخائر کی صورتحال کا جامع جائزہ لیا۔ اس جائزے کا مقصد فاضل چینی کی (بقیہ نمبر 33)

پی ٹی آئی دورِ حکومت کے 74 قوانین کا جائزہ لینے کا فیصلہ

کمیٹی 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی، ذرائع

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی دورِ حکومت کی قانون سازی کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبائی اسمبلی کے منظور کردہ 74 قوانین کا جائزہ لیا جائے گا جس کے لیے محکمہ قانون نے قوانین کا جائزہ لینے کے لیے کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی 7 روز میں اپنی سفارشات متعلقہ حکام کو پیش کرے گی، جائزے میں 20 صوبائی محکموں سے متعلق قوانین شامل ہیں جب کہ پراسیکیوشن، جامعات اور میڈیکل (بقیہ نمبر 43)

قتل، اقدام قتل میں مطلوب اشتہاری سمیت تین ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے دو مقدمات میں مطلوب اشتہاری سمیت تین ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل اور ضرر کے دو مقدمات میں مطلوب اشتہاری سمیت تین ملزمان کو گرفتار کرلیا، کہوٹہ پولیس نے قتل اور ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا۔

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما سیاسے منعقدہ تقریب میں سیف الملوک کھوکھر، شہباز کھوکھر اور دیگر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

پولیس کالج سہالہ راولپنڈی میں پی ایچ پی ٹی اے ایس آئی پولیس افسران کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد، تعریفی اسناد اور سرٹیفکیٹ تقسیم

137 پی ایچ پی افسران کے 9 ماہ کے تربیتی کورس کی تکمیل

کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان کی بطور مہمانِ خصوصی شرکت، پاسنگ آؤٹ پریڈ سے سلامی لی اور اسناد تقسیم کیں

افسران قانون کی پاسداری، تفتیش اور وی وی آئی پی موومنٹ میں مہارت حاصل کریں، متاثرین سے رویہ ہمدردانہ ہونا چاہیے

متاثرہ افراد کے ساتھ پولیس افسران کا رویہ انتہائی ہمدردانہ اور منصفانہ ہونا چاہیے، کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان

راولپنڈی (این ای این) پولیس کالج سہالہ راولپنڈی میں پی ایچ پی ٹی اے ایس آئی پولیس افسران کا نو ماہ پر مشتمل کورس مکمل ہوگیا۔ اس حوالے سے پولیس کالج سہالہ میں کورس کے اختتام پر پاسنگ آؤٹ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ کورس کمانڈر ایس پی ناصر علی خان نے تربیت یافتہ افسران سے حلف لیا۔ کورس مکمل کرنے والوں میں 137 افسران شامل ہیں۔ مہمان خصوصی کو سلامی پیش کی گئی۔ تقریب میں کورس مکمل کرنے والے افسران نے مختلف مہارتوں کا مظاہرہ کیا۔ کمانڈنٹ سہالہ کالج اشفاق احمد خان نے پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورس کی تکمیل پر افسران، کورس کمانڈر کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس کورس میں افسران کو قوانین پر عملدرآمد، جرائم کورس میں تفتیش کرنے کا طریقہ کار بتایا گیا۔ افسران کو قانون کی پاسداری، انسداد جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیوں، وی وی آئی پی موومنٹ کے دوران فرائض کی ادائیگی سمیت (بقیہ نمبر 51)

لاہور: سپریم کورٹ بار کے سالانہ انتخابات کے موقع پر خواتین وکلاء سیلفی لیتے ہوئے

14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجر خان پولیس نے 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 14 سالہ لڑکی سے زیادتی کرنے والے ملزم کو تحویل میں لے لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میری بھتیجی سے زیادتی کی، گوجر خان پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کرکے ملزم کو تحویل میں لے لیا، متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان (بقیہ نمبر 56)

25 کلوواٹ تک کے منظور شدہ سولر کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری

نئی ہدایات کے تحت 25 کلوواٹ تک کے ان کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری

لاہور (اے ایف پی) لیسکو میں نیٹ میٹرنگ پالیسی کے تحت منظور ہونے والے سولر کنکشنز کی بلنگ نہ ہونے کا معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا، 25 کلوواٹ تک کے منظور شدہ سولر کنکشنز کی نیٹ میٹرنگ بلنگ کی منظوری کے اختیارات متعلقہ سرکلز کے سپرد کر دیے (بقیہ نمبر 34)

الیکشن کمیشن کا خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم

12 قبائلی اضلاع میں حد بندی اور بلدیاتی انتخابات نہیں ہوں گے، حکم نامہ جاری

اسلام آباد (آئی آئی پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم دیدیا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے فیصلہ سنایا، الیکشن کمیشن نے متعلقہ ونگ کو انتخابی شیڈول پیش کرنے کا حکم دیدیا۔ الیکشن کمیشن نے (بقیہ نمبر 35)

پشاور سانحہ، انکوائری رپورٹ گورنر کو پیش، سکول مالک ذمہ دار قرار

قانونی پہلوؤں کا جائزہ لینے کیلئے محکمہ قانون سے مشاورت کی جائے

پشاور (اے ایف پی) پشاور سکول سانحے کی انکوائری رپورٹ گورنر خیبر پختونخوا کو پیش کر دی گئی، جس میں واقعے کے ذمے دار کا تعین کر دیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی زیرِ صدارت دیر کالونی سکول حادثے کی انکوائری رپورٹ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں حادثے کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں مشیر تعلیم عامر عبداللہ، چیف سیکرٹری ڈاکٹر فخر عالم عرفان، سیکرٹری تعلیم عنایت اللہ وسیم اور انکوائری کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی، انکوائری کمیٹی نے گورنر فیصل کریم کنڈی کو دیر کالونی (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی خصوصی صفائی مہم کے باوجود ڈھوک سیداں، چمن آباد اور محلہ حاجیاں گندگی کے ڈھیروں میں تبدیل

بند نالیوں اور تعفن سے شہریوں کی زندگی اجیرن، بیماریاں پھیلنے لگیں

صفائی مہم جاری، مگر ڈھوک سیداں اور مصریال روڈ کے ملحقہ علاقے نظر انداز؟ چمن آباد اور محلہ حاجیاں میں گندگی کے ڈھیر

نالیاں بند، شہریوں کو مشکلات کا سامنا، کینٹ بورڈ کی خصوصی مہم کے دوران متاثرہ علاقوں میں صفائی کے مؤثر انتظامات کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے 5 نومبر تک جاری خصوصی صفائی مہم کے باوجود ڈھوک سیداں، گرجا روڈ اور مصریال روڈ سے ملحقہ آبادیوں چمن آباد اور محلہ حاجیاں میں صفائی کی صورتحال توجہ طلب ہے، جہاں گندگی کے ڈھیر اور بند نالیاں شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ مقامی سطح پر سامنے آنے والی صورتحال کے مطابق مذکورہ علاقوں میں صفائی کے انتظامات بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ گندگی کی موجودگی اور نکاسی آب کے مسائل سے شہریوں کی روزمرہ زندگی (بقیہ نمبر 36)

ڈھوک سیداں، گرجا روڈ اور مصریال روڈ پر گندگی کے ڈھیر حکام کی توجہ کے منتظر

انسانی حقوق کی شکایات کیلئے مشترکہ ڈیجیٹل پورٹل قائم کرنیکا فیصلہ

موجودہ اداروں کو مشترکہ ڈیجیٹل نظام سے منسلک کیا جائے گا، ثمر ہارون بلور

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا حکومت نے انسانی حقوق سے متعلق اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے اور شکایات کے مؤثر ازالے کے لیے مشترکہ ڈیجیٹل پورٹل کے قیام کا فیصلہ کیا ہے، جس کے ذریعے شکایات کی وصولی، متعلقہ اداروں کو منتقلی اور ان پر ہونے والی پیش رفت کی نگرانی کی جائے گی۔ مشیرِ اطلاعات و تعلقات عامہ خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور کے مطابق اس سلسلے میں انسانی حقوق سے متعلق اداروں کے درمیان (بقیہ نمبر 45)

پی ٹی آئی نے کبھی دہشتگردی کیخلاف جنگ کی مخالفت نہیں کی، شوکت یوسف زئی

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے سیکرٹری اطلاعات شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے کبھی دہشت گردی کے خلاف جنگ کی مخالفت نہیں کی۔ پشاور سے جاری اپنے بیان میں شوکت یوسف زئی نے کہا کہ حکومت انا میں پھنسی ہوئی ہے، معیشت تباہ ہو رہی ہے، حکومت ہر شعبے (بقیہ نمبر 38)

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035